# حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ۱۰۰ سو قصے

www.KitaboSunnat.com

مؤلف: شیخ محمد صدیق منشاوی

مترجم
مولانا خالد محمود صاحب

بیت العلوم
۲۰- نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون: ۷۳۵۲۴۸۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب و سنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

ابن مسعودؓ اسلامک لائبریری
کتاب نمبر : 1332
J3-504 جوہر ٹاؤن لاہور

www.KitaboSunnat.com

# حضرت ابوبکر صدیقؓ کے سو قصے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ۱۰۰ سو قصے

مؤلف :

شیخ محمد صدیق منشاوی

مترجم

مولانا خالد محمود صاحب

فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور

بیت العلوم

۲۰۔ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون: ۷۳۵۲۴۸۳

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں﴾

کتاب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ۱۰۰ قصے
اردو ترجمہ: ماۃ قصۃ من حیاۃ ابی بکرؓ
مؤلف: شیخ محمد صدیق المنشاوی
مترجم: مولانا خالد محمود (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور)
باہتمام: محمد ناظم اشرف
ناشر: بیت العلوم۔۲۰ نابھہ روڈ، چوک پرانی انارکلی، لاہور
فون: ۷۳۵۲۴۸۳

﴿ملنے کے پتے﴾

بیت العلوم = ۲۰ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = ۱۹۰ انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = موہن روڈ چوک اردو بازار، کراچی
دارالاشاعت = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت القرآن = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت الکتب = گلشن اقبال، کراچی
ادارۃ المعارف = ڈاک خانہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دارالعلوم = جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ سید احمد شہید = الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور
مکتبہ رحمانیہ = غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عرض ناشر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس بات سے تقریباً ہر شخص واقف ہے کہ بزرگانِ دین اور اسلاف کے حالات و واقعات انسانی زندگی میں وہ انقلاب پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جو بسااوقات لمبے چوڑے مطالعے اور مسلسل وعظ و نصیحت سے بھی حاصل نہیں ہوتا۔ تاریخ کے جھروکوں پر نظر ڈالنے سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ اکابرین امت اور صلحائے دین کے بعض مختصر واقعات انسان کی کایا پلٹنے کے لیے نسخہ اکسیر ثابت ہوئے۔ دراصل دل کے حالات و کیفیات وقت کے بدلنے اور مرورِ زمانہ کے بدولت تبدیل ہوتے رہتے ہیں، کبھی یہ قلب تسلسل سے کہی گئی بات کو بھی تسلیم کرنے سے انکار کر دیتا ہے، اور کبھی یہ اس قدر نرم ہو جاتا ہے کہ مختصر سی خاموش نصیحت کو بھی اپنی لوح پر نقش کر لیتا ہے، دراصل دل کی یہی کیفیت ہے جس میں اخلاص وللّٰہیت، عاجزی وانکساری، زہد و عبادت، تقویٰ و بزرگی، موت اور فکرِ آخرت وغیرہ پر مشتمل اسلاف کے واقعات دل کی دنیا تبدیل کرنے میں بڑا موثر کردار ادا کرتے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ آنحضرت ﷺ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کے جھرمٹ میں انبیائے کرام علیہم السلام اور امم سابقہ کے نیک لوگوں کے حالات واقعات نقل فرماتے اور اُن کی زہد و عبادت کا تذکرہ فرماتے، بزرگان دین اور علماء کرام نے اسی نقش قدم پر چلتے ہوئے اسلاف کے واقعات اور قصص پر مشتمل بہت سی کتابیں ترتیب دی ہیں جس میں نہ جانے کتنے موعظت وحکمت اور فکرِ آخرت کے درس پوشیدہ ہیں۔

موجودہ کتاب اسی نقش قدم کی پیروی ہے جس میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ۱۰۰ قصوں کو باحوالہ جمع کیا گیا ہے، افادہ عام کے لیے عربی سے اُردو ترجمہ کا کام برادرِ عزیز مولانا خالد محمود صاحب مدظلہ نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مختصر وقت میں انجام دیا ہے، اللہ تعالیٰ انہیں صحت و عافیت عطا فرمائے اور دین کی مقبول خدمات کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اس سلسلہ میں الحمدللہ بیت العلوم کی جانب سے سیرت و حالات اور قصص واقعات پر مشتمل مندرجہ ذیل کتب زیورِ طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں۔

قصص معارف القرآن، قصص القرآن، ازواج مطہراتؓ کے دلچسپ واقعات، مظلوم صحابہؓ کی داستانیں، قرآن حکیم میں عورتوں کے قصے، حضرت عمرؓ کے ۱۰۰ قصے، حضرت علیؓ کے ۱۰۰ قصے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ ہماری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے اور بیت العلوم کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقیوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین

محتاج دعا

محمد ناظم اشرف

مدیر بیت العلوم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عرضِ مترجم

پیش نظر کتاب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ۱۰۰ قصے دراصل شیخ محمد صدیق المنشاوی کی کتاب "مأة قصة من حیاة ابی بکر رضی اللہ عنہ" کا سلیس اردو ترجمہ ہے، جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اُن دلچسپ سو قصوں اور واقعات پر مشتمل ہے جو انسانی زندگی کے مختلف شعبوں میں راہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ سلفِ صالحین اور اکابرین کے قصص واقعات کی خصوصیت ہی یہ ہوتی ہے کہ اُن کو پڑھ کر نہ صرف یہ کہ ایمان بڑھتا ہے بلکہ عاجزی وانکساری، صدقہ وخیرات، زہد وعبادات اور اصلاح نفس جیسے بے شمار اسباق تازہ ہوتے ہیں۔

الحمدللہ اس مفید کتاب کے ترجمہ کی سعادت احقر کو حاصل ہوئی ہے۔ اللہ جل شانہٗ اس ترجمہ کو بھی قبولیت سے نوازے اور بیت العلوم کے مدیرِ اعلیٰ برادرِ عزیز مولانا محمد ناظم اشرف صاحب کو بھی اس کی طباعت اور نشر و اشاعت پر جزائے خیر عطا فرمائے۔ (آمین)

قبل ازیں بھی بیت العلوم لاہور سے عربی سے ترجمہ کردہ بعض اہم کتابیں معیاری طباعت کے ساتھ شائع ہو چکی ہیں جو بحمدللہ مقبولِ عوام وخواص ہوئیں۔ چند کتابوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں: خوابوں کی تعبیر کا انسائیکلو پیڈیا، سیرت فاطمۃ الزہراؓ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل وشمائل، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کھانا پینا، حضرت عمرؓ کے ۱۰۰

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


قصے۔ حضرت علیؓ کے ۱۰۰ قصے، قیامت کی نشانیاں، اولاد کی تربیت قرآن و حدیث کی رُوشنی میں، گناہوں کے نقصانات اور ان کا علاج، انبیائے کرام علیہم السلام کے حیرت انگیز معجزات، عذاب جہنم کی مستحق عورتیں، قرآن حکیم میں عورتوں کے قصے وغیرہ۔

آخر میں پروردگارِ عالم کے بحضور انتہائی تذلل اور تضرع کے ساتھ دعا ہے کہ ہماری یہ خدمات اپنی بارگاہ میں قبول بھی فرمائے اور ہم سب کے لئے ذخیرۂ آخرت بھی بنائے اور اس کتاب سے تمام قارئین کو استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

خالد محمود عفا عنہ الغفور

(فاضل و مدرس) جامعہ اشرفیہ لاہور

و (رکن) لجنۃ المصنفین لاہور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ۱۰۰ قصے


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ | ۱۳ |
| ۲ | آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بلا تأمل اسلام قبول کیا | ۱۶ |
| ۳ | اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے تو سچ ہی فرمایا ہے | ۱۷ |
| ۴ | اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! آپ کے ساتھی پکڑے گئے | ۱۸ |
| ۵ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام لانا | ۱۹ |
| ۶ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابن الدغنہ کی پناہ کو ٹھکراتے ہیں | ۲۰ |
| ۷ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا اسلام لانا | ۲۲ |
| ۸ | یارسول اللہ! کیا مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت کا شرف حاصل ہوگا؟ | ۲۴ |
| ۹ | اہل روم مغلوب ہو گئے | ۲۶ |
| ۱۰ | ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک رات، عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سارے خاندان سے بہتر ہے | ۲۷ |
| ۱۱ | زہریلے سانپ کا ڈسنا | ۲۸ |
| ۱۲ | غم نہ کرو! اللہ ہمارے ساتھ ہے | ۲۹ |
| ۱۳ | میں اپنے رب س راضی ہوں | ۳۰ |
| ۱۴ | صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنتی ہیں | ۳۱ |


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | جنت کے دروازے | ۳۱ |
| ۱۶ | بھوک نے ہی ہمیں ستایا ہے | ۳۲ |
| ۱۷ | اے ابوبکر! ان کو چھوڑ دو | ۳۴ |
| ۱۸ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خوشخبری دینے میں سبقت لے جاتے ہیں | ۳۴ |
| ۱۹ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور فنحاص یہودی | ۳۵ |
| ۲۰ | ابوقحافہ کا اسلام لانا | ۳۷ |
| ۲۱ | تین چیزیں حق ہیں | ۳۷ |
| ۲۲ | کوئی ہے جو مجھ سے مقابلہ کرے؟ | ۳۸ |
| ۲۳ | صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے بیٹے کی باہمی گفتگو | ۳۹ |
| ۲۴ | اللہ تجھے ''رضوان اکبر'' عطا فرمائے | ۳۹ |
| ۲۵ | خدا کی قسم! یہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق پر ہیں | ۴۰ |
| ۲۶ | خاندانِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی برکات | ۴۱ |
| ۲۷ | باکمال لوگ ہی باکمال لوگوں کے مقام کو پہنچاتے ہیں | ۴۲ |
| ۲۸ | نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت | ۴۲ |
| ۲۹ | جنت میں داخل ہونے والا پہلا شخص | ۴۳ |
| ۳۰ | قسم نہ کھاؤ | ۴۴ |
| ۳۱ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں سب سے محبوب شخص | ۴۵ |
| ۳۲ | خوشخبری ہو! اللہ کی نصرت آ گئی | ۴۵ |
| ۳۳ | میں اپنے رب سے سرگوشی کر رہا تھا | ۴۶ |
| ۳۴ | اگر میں کسی کو اپنا خلیل بنا سکتا تو............ | ۴۷ |
| ۳۵ | اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تیری مغفرت کرے | ۴۷ |


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۳۷ | میرے صاحب کو میری خاطر چھوڑ دو | ۴۹ |
| ۳۸ | ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے تکلیف نہیں پہنچائی | ۵۰ |
| ۳۹ | نیک کاموں پر جنت کی بشارت | ۵۱ |
| ۴۰ | یہ بزرگ آخر کیوں روتے ہیں؟ | ۵۱ |
| ۴۱ | تم صواحب یوسف علیہ السلام جیسی ہو۔ | ۵۲ |
| ۴۲ | تم نے اچھا کیا | ۵۳ |
| ۴۳ | آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور موت کس قدر خوشگوار ہے! | ۵۴ |
| ۴۴ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بدکار عورتوں کو سزا دینا | ۵۶ |
| ۴۵ | جس شخص میں یہ تین صفات جمع ہوں | ۵۷ |
| ۴۶ | صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مانعین زکوٰۃ کے ساتھ قتال کا فیصلہ | ۵۸ |
| ۴۷ | نہ میں سوار ہوں گا اور نہ تم سواری سے اترو گے | ۵۹ |
| ۴۸ | کپڑا فروش | ۶۰ |
| ۴۹ | ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا رونا | ۶۱ |
| ۵۰ | شاتم شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا انجام | ۶۱ |
| ۵۱ | تم نے احتیاط پر عمل کیا | ۶۲ |
| ۵۲ | ایک چور اور اس کی سزا | ۶۳ |
| ۵۳ | افضل کون؟ | ۶۳ |
| ۵۴ | اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رو پڑے | ۶۴ |
| ۵۵ | اس تیر نے میرے بیٹے کو شہید کر دیا | ۶۶ |
| ۵۶ | مجھ سے بدلہ لے لو | ۶۷ |
| ۵۷ | اس بیچارے پر رحم کرو | ۶۷ |


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۵۸ | اسی چیز نے مجھے رُلایا | ۶۸ |
| ۵۹ | سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟ | ۷۰ |
| ۶۰ | اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم عتیق من النار ہو | ۷۱ |
| ۶۱ | صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے گرامی | ۷۱ |
| ۶۲ | اے احد! تیرے اوپر ایک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ایک صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود ہے | ۷۲ |
| ۶۳ | خدا کی شمشیر بے نیام کا اسلام لانا | ۷۲ |
| ۶۴ | عورتیں، گھوڑوں کو طمانچے مار رہی تھیں | ۷۳ |
| ۶۵ | والی کا اجتہاد | ۷۴ |
| ۶۶ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی زبان کو ادب سکھاتے ہیں | ۷۴ |
| ۶۷ | ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت کے مستحق ہیں | ۷۵ |
| ۶۸ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تقویٰ | ۷۵ |
| ۶۹ | افضل البشر بعد الانبیاء | ۷۶ |
| ۷۰ | اے اللہ! مدینے کو ہماری نظروں میں محبوب بنادے | ۷۶ |
| ۷۱ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۷۷ |
| ۷۲ | کنواری اور خاوند دیدہ | ۷۸ |
| ۷۳ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عقبہ بن معیط | ۷۸ |
| ۷۴ | اللہ نے ان کا نام ''صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' رکھا | ۷۹ |
| ۷۵ | تین چاند | ۷۹ |
| ۷۶ | صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تین کاموں میں مجھ پر سبقت لے گئے | ۷۹ |
| ۷۷ | اللہ کی راہ میں چند قدم چلنا | ۸۰ |
| ۷۸ | اصحاب کا امتحان | ۸۱ |


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| | | |
| ۸۰ | صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوبار تصدیق کی | ۸۲ |
| ۸۱ | کھانے میں برکت ہوگئی | ۸۲ |
| ۸۲ | اہل بدر کی شان | ۸۳ |
| ۸۳ | ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے احسانات کا بدلہ | ۸۳ |
| ۸۴ | حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چند فضائل | ۸۴ |
| ۸۵ | اپنی اصلاح کی فکر کرو | ۸۴ |
| ۸۶ | اگر عظیم مرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہو تو ...................... | ۸۵ |
| ۸۷ | مجھے فرمایئے! میں اس کی گردن اڑاتا ہوں | ۸۶ |
| ۸۸ | تیرا مال تیرے باپ کی ملکیت ہے | ۸۶ |
| ۸۹ | نیکیوں میں سبقت لے جانے والے | ۸۷ |
| ۹۰ | جو شخص ذرہ برابر عمل کرے گا.................. | ۸۷ |
| ۹۱ | اہل جنت کے بوڑھوں کے سردار | ۸۸ |
| ۹۲ | حوض کوثر پر رفاقت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۸۸ |
| ۹۳ | بیت المال کھولو! | ۸۹ |
| ۹۴ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا صدقہ کرنا | ۸۹ |
| ۹۵ | کاش! میں پرندہ ہوتا | ۹۰ |
| ۹۶ | ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیر الناس ہیں | ۹۰ |
| ۹۷ | ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آزاد کردہ غلام | ۹۱ |
| ۹۸ | ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وصیت | ۹۱ |
| ۹۹ | آپ رضی اللہ عنہ کا وقت ارتحال | ۹۲ |
| ۱۰۰ | حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعزیتی خطاب | ۹۴ |


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوبکر بن ابی قحافہ التیمی اور نام عبداللہ بن عثمان بن عامر القرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے خلیفہ راشد ہیں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سابقین اولین اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے ہیں، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دین کیلئے اپنا تن من لگایا، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بہادروں کی طرح دفاع کیا، اللہ جل شانہٗ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وجہ سے دین وملت کی حفاظت فرمائی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایمان ویقین کی دولت سے سرفراز فرمایا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے امام اور منافقوں اور اہل ارتداد کے لیے برہنہ تلوار تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت باسعادت عام الفیل کے اڑھائی سال بعد ہوئی، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس حالت میں جوان ہوئے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جوروظلم کے نام سے بھی واقف نہ تھے، زمانۂ جاہلیت کی گندگی سے بہت دور اور اخلاقِ عربیہ سے آراستہ تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حسنِ معاشرت ومجالست کے حامل اور وعدے کے سچے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام سے پہلے ہی اپنے اوپر شراب نوشی حرام کر لی تھی، لوگوں کے ساتھ جودوکرم کا سلوک کرتے تھے، ضرورت مندوں کو کھانا کھلاتے اور کمزوروں کی دل داری کرتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انسابِ عرب کے ماہر تھے، عرب کے تمام قبیلوں اور شاخوں سے واقف تھے،

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کمزوروں پر بڑے مہربان اور طاقتوروں کی نظر میں میں محبوب تھے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سید السادات تھے، جب دیانت کا معاملہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد کیا جاتا تو لوگ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصدیق کرتے اور جب کسی دوسرے کے حوالہ کیا جاتا تو لوگ اس کو رسوا کرتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رفیع المرتبت اور عالی شان رکھتے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات سنی جاتی تھی۔ نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تجربہ کار تاجر اور صاحب بصیرت انسان تھے، آپ خواب وتعبیر کے بھی بڑے ماہر تھے عمدہ واعلیٰ نسب اور خوب روئی کی وجہ سے عتیق کے نام سے موسوم ہوئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات میں کوئی قابل عیب چیز نہ تھی، آپ ذہین وفطین اور صائب الرائے بھی تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خوبرو اور حسین چہرہ کے مالک تھے، رنگ سفید اور جسم دبلا تھا، آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں، چہرے پر گوشت کم تھا، پیشانی روشن تھی داڑھی مبارک ہلکی تھی، نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے والہانہ محبت رکھتے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلا تردد اور بلا تامل مسلمان ہوئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اعلیٰ ایمان کی نعمت سے سرفراز ہوئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دین کی خدمت اور کمزور مسلمانوں کو غلامی سے آزادی دلانے کے لیے اپنا مال وقف کر دیا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشرکین کی اذیتوں سے دوچار ہوئے۔ پھر جب ان کی تکلیفیں اور اذیتیں حد سے بڑھ گئیں تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مکہ کو چھوڑا اور وہاں سے ہجرت کی، ابن الدغنہ کی پناہ پر واپس آ گئے لیکن پھر اس کی پناہ کو ٹھکراتے ہوئے خدائے واحد وقہار کے دین کا علم بلند کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے واقعۂ معراج میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خوب دفاع بھی کیا۔ جس کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "صدیق" کے لقب سے نوازا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حبیب وصدیق تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی صاحبزادی حضرت عائشہ طاہرہ وعفیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سحری کے وقت حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہجرت فرمائی، آپ رضی اللہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تعالیٰ عنہ غارِ ثور میں ''ثانی اثنین'' تھے، حضور اقدس ﷺ کی رفاقت میں کئی غزوات میں شریک رہے، مشکلات کا مقابلہ کیا اور لڑائیوں میں جوانمردی دکھائی۔

اللہ تعالیٰ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فتوحات سے نوازا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے شب بیدار اور دن کو روزہ رکھنے والے تھے، عوام الناس کے ساتھ بڑے متواضع و منکسر المزاج تھے۔ دنیا سے بے رغبت اور دین کے عالم اور اس پر عمل کرنے والے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فضائل و خیرات کے جامع تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نیکی کی کوئی راہ نہیں چھوڑی، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑی نرم طبیعت والے تھے کہ آنسو جلد نکل آتے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روشن چہرے والے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ متقی اور پرہیز گار تھے، حضور نبی کریم ﷺ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جہنم سے آزادی اور نیک لوگوں کے ہمراہ جنت میں داخل ہونے کی بشارت سنائی۔

جب لوگوں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دستِ مبارک پر بیعت خلافت کی تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے چھوڑ کر گھر میں بیٹھ گئے، لیکن جب لوگوں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کو اپنا امام بنانا طے کر لیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لشکر روانہ کیا، مرتدوں اور زکوٰۃ نہ دینے والے سرکشوں کے خلاف قتال کیا اور مختلف علاقوں میں اسلامی لشکر روانہ کیے جس کے دبدبے سے بادشاہوں کے قدم ڈگمگا گئے اور ایوان ہل گئے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس میں کامیابیاں اور فتوحات حاصل ہوئیں، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرآن جمع کیا اور دین و ایمان کی نشر و اشاعت فرمائی۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خطیب بلیغ، خلیفہ معظم اور رأفت و حلم اور دین و علم جیسی صفات سے متصف تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سابق الاسلام تھے، آپ سلام کو رواج دینے اور نماز کی امامت کرنے میں سب پر فائق اور سبقت لے جانے والے تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ بنے تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑوں کے ساتھ اکرام و احترام اور چھوٹوں کے ساتھ محبت و شفقت کا رویہ رکھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر میں کمزور شخص طاقتور تھا یہاں تک کہ وہ اپنا حق وصول کر لے اور طاقتور آدمی کمزور تھا جب تک کہ اس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے دوسرے کا حق وصول کر لیا جائے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود پیدل چلتے لیکن دوسرے سپہ سالار سوار ہوتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود اپنے ہاتھ سے بکریوں کا دودھ نکال کر محلہ کے بچوں کو دیتے اور پیتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چار شادیاں کیں اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں چھ بچے بچیاں تھیں۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عظیم المرتبت اور رقیق القلب تھے۔ دنیا میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رفیق تھے اور قبر میں بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مصاحب بنے۔ نیز حوضِ کوثر پر بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلیس اور پیشی کے دن بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رفیق ہوں گے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۱۳ھ کو مدینہ منورہ میں وفات پائی اور خیر البریہ، خاتم الانبیاء و امام الاصفیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوارِ مبارک میں مدفون ہوئے۔

## آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بلا تأمل اسلام قبول کیا

تاریخ اسلام کے شہسوار حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک دن قریش کی زبانی ایک بات سنی جس کی وجہ سے قریش کے لوگ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رفیق و صدیق محمد امین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو طعن و تشنیع کر رہے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوراً آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہنچے اور دو زانو ہو کر نرم انداز میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کرنے لگے: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! قریش مکہ جو کہہ رہے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے معبودوں کو چھوڑ دیا ہے اور ان کو بے وقوف قرار دیا ہے کیا یہ بات حق اور درست ہے؟

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں، میں اللہ کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کا پیغمبر ہوں، مجھے اللہ تعالیٰ نے اس لیے مبعوث فرمایا کہ میں اس کے پیغام کو لوگوں تک پہنچاؤں اور میں تجھے بھی اللہ کی طرف حق کے ساتھ دعوت دیتا ہوں، خدا گواہ ہے کہ یہ بات حق ہے، اے ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! میں تجھے اللہ وحدہ لاشریک کی طرف دعوت دیتا ہوں یہ کہ تم غیر اللہ کی عبادت نہ کرو اور اسی کی اطاعت و فرمانبرداری اختیار کرو، چنانچہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمان ہو گئے، انہوں نے اسلام قبول کرنے میں ذرا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی ہچکچاہٹ محسوس نہ کی۔[1] اس لیے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے ہونے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حسنِ فطرت اور عمدہ اخلاق سے واقف تھے، جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کی بات کو نہیں جھٹلایا تو بھلا اللہ تعالیٰ کی بات کو کیسے جھٹلاتے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے: ''میں نے جس کو بھی اسلام کی دعوت دی اس نے پس و پیش کیا اور کچھ نہ کچھ غور وفکر کیا لیکن جب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی تو انہوں نے بلا تردد اور بلا توقف اسلام کی دعوت کو قبول کیا۔''[2]

## اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے تو سچ ہی فرمایا ہے

چاشت کا وقت تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت اللہ کے پاس تشریف فرما تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دہن مبارک ذکر و تسبیح سے معطر ہو رہا تھا کہ خدا کے دشمن ابوجہل کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نظر پڑی جو اپنے گھر سے نکل کر بیت اللہ کے اردگرد بے مقصد پھر رہا تھا، وہ بڑے فخر و تکبر کے انداز میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب آیا اور ازراہِ مذاح کہنے لگا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا کوئی نئی بات پیش آئی ہے؟ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ہاں، آج کی رات مجھے معراج کرائی گئی۔ ابوجہل، ہنسا اور تمسخر کے انداز میں کہنے لگا: کس طرف؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیت المقدس کی جانب ابوجہل نے تھوڑی دیر کے لیے ہنسنے سے توقف اختیار کیا، پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہو کر آہستہ آواز میں متعجبانہ لہجہ میں کہنے لگا: رات آپ کو بیت المقدس کی سیر کرائی گئی اور صبح کو آپ ہمارے سامنے پہنچ بھی گئے؟ پھر مسکرایا اور پوچھنے لگا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! اگر میں سب لوگوں کو جمع کروں تو کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ بات جو آپ نے مجھے بتائی ہے ان سب کو بھی بتا دیں گے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ میں ان کو بھی بیان کردوں گا۔ چنانچہ ابوجہل خوشی خوشی لوگوں کو جمع کرنے لگا اور ان کو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بتائی ہوئی بات بتانے لگا، لوگوں کا ایک ازدحام ہو گیا، لوگ

---

[1] ''البدایة والنهایه'' (۳/۲۶، ۲۷)

[2] ''السیرة النبویة'' (۲/۲۵)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اظہار تعجب کرنے لگے اور اس خبر کو ناقابل یقین سمجھنے لگے، اسی دوران چند آدمی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچے اور ان کو بھی اس امید پر ان کے رفیق اور دوست کی خبر سنائی کہ ان کے درمیان جدائی اور علیحدگی ہو جائے کیونکہ وہ سمجھ رہے تھے کہ یہ خبر سنتے ہی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب کر دیں گے لیکن جب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بات سنی تو فرمایا: اگر یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی ہے تو یقیناً درست فرمائی ہے۔ پھر فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! میں تو ان کی اس سے بھی بعید از عقل بات میں تصدیق کروں گا، جب میں صبح و شام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آنے والی وحی کی تصدیق کرتا ہوں تو کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس بات کی تصدیق و تائید نہیں کروں گا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیت المقدس کی سیر کرائی گئی۔

پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو چھوڑا اور جلدی سے اس جگہ پر پہنچے جہاں حضورِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے اور لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد بیٹھے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو بیت المقدس کا واقعہ بیان کر رہے تھے، جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی بات ارشاد فرماتے تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا۔ پس اس روز سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام ''الصدیق'' رکھ دیا۔[1]

## اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! آپ کے ساتھی پکڑے گئے

جب کسی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ خبر دی کہ اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! آپ کے ساتھی کو مشرکین نے پکڑ لیا ہے آپ برہنہ سر دوڑتے ہوئے بیت اللہ شریف پہنچے تو دیکھا کہ مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک جگہ پر گرایا ہوا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

[1] 'البدایہ والنہایۃ'' (۳/۱۱۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر ٹوٹ پڑے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو طعنا کہہ رہے ہیں تو وہی شخص ہے جس نے کئی معبودوں کو ایک ہی معبود بنا دیا ہے،؟ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی جان کی بازی لگائی کسی کو دھکا دیا اور کسی کو مارا اور پھر فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! کیا تم ایک ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو جو کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے واضح دلائل بھی لے کر آیا ہے؟![1]

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں: کیا تم مجھے جواب نہیں دو گے؟ خدا کی قسم! ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک لمحہ آلِ فرعون کے مومن جیسے شخص زمین کے ہزاروں لمحوں سے بہتر ہے، اس آدمی نے اپنا ایمان چھپا رکھا تھا مگر اس شخص نے اپنے ایمان کا اعلان کیا۔[2]

## حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام لانا

جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نیا دین، دین اسلام، قبول کر لیا تو قریش کے چند سردار دارالندوہ میں جمع ہوئے انہوں نے آستینیں چڑھالیں اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں باہم مشورہ کرنے لگے۔ انہوں نے کہا کہ ایک آدمی کو مقرر کیا جائے جوان کو پکڑ کر لائے اور ان کو اپنے معبودوں کی طرف دعوت دے، چنانچہ انہوں نے طلحہ بن عبید اللہ کو ان کے پاس بھیجا، طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچے، اس وقت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں میں بیٹھے ہوئے تھے، طلحہ نے بلند آواز سے کہا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! میرے ساتھ آؤ۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا: تم مجھے کس کی طرف دعوت

---

۱ "المجمع" (۲۷/۶) و "الاستیعاب" (۲۴۷/۲)

۲ "المجمع" (۴۷/۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیتے ہو؟ اس نے کہا: میں آپ کو لات وعزیٰ کی عبادت کی طرف دعوت دیتا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کون لات......؟ طلحہ نے کہا: اللہ کی بیٹیاں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: تو پھر ان کی ماں کون سی ہے؟ (یہ سن کر) طلحہ خاموش ہو گئے، کوئی بات زبان سے نہیں نکالی: حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ طلحہ کے ساتھیوں کی طرف ملتفت ہوئے اور فرمایا: اپنے ساتھی کو جواب دو، وہ بھی خاموش رہے، انہوں نے جواب نہیں دیا۔ طلحہ اپنے ساتھیوں کی طرف کافی دیر تک دیکھتے رہے کہ وہ خوفناک قسم کی خاموشی میں مستغرق ومنہمک اور سرگرداں ہیں تو دوبارہ کہنے لگے: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھو! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ (یہ سن کر) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑا اور انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے گئے۔[1]

## حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابن الدغنہ کی پناہ کو ٹھکراتے ہیں

صبح کی روشنی چہار سو پھیلی، اندھیرا ختم ہوا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنا سامان جمع کرنے لگے اور زادِ راہ تیار کرنے لگے، سفر کی تیاری کرنے کے بعد اپنا عصا لیا اور روانہ ہو گئے، اپنے دل میں جذبات ایمان کو لیتے ہوئے مکہ سے جدا ہوئے اور ایمان سے معمور دل کو لے کر حبشہ کی سرزمین کا رُخ کیا۔ جب برک الغماد (یمن میں ایک مقام ہے) مقام پر پہنچے تو ابن الدغنہ کی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات ہوئی جو مشہور قبیلہ قارۃ کا سردار تھا، اس نے جوش بھری آواز میں پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کہاں کا ارادہ ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑی نرمی سے جواب دیا کہ مجھے میری قوم نے نکال دیا۔ پس میں نے اب ارادہ کر لیا ہے کہ زمین کی سیاحت کروں تاکہ اپنے رب کی عبادت کر سکوں۔ ابن الدغنہ نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

---

[1] "عیوان الاخبار" (۲/۱۹۸، ۱۹۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! آپ جیسا آدمی نہ نکلتا ہے اور نہ نکالا جاتا ہے! آپ تو ضرورت مند کو کما کر دیتے ہیں، صلہ رحمی کرتے ہیں، یتیم اور بے سہارا لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں، مہمان نوازی کرتے ہیں، حق پر قائم رہنے کی وجہ سے آنے والے مصائب پر دوسروں کی مدد کرتے ہیں، میں آپ کو پناہ دیتا ہوں، آپ واپس چلئے اور اپنے شہر میں اپنے رب کی عبادت کیجیے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ واپس لوٹ آئے، ابن الدغنہ بھی آپ کے ہمراہ چلا آیا۔ شام کے وقت ابن الدغنہ قریش کے سرداروں کے پاس گیا اور ان سے جا کر کہا: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا شخص نہ خود نکلتا ہے اور نہ اسے نکالا جاتا ہے، کیا تم ایسے آدمی کو نکالتے ہو جو غریبوں کے لیے کما کر لاتا ہے، صلہ رحمی کرتا ہے، بے کسوں کا بوجھ اٹھاتا ہے اور مہمان نوازی کرتا ہے اور حق پر قائم رہنے کی وجہ سے آنے والی مصیبتوں پر دوسروں کی مدد کرتا ہے؟ قریش مکہ نے ابن الدغنہ کی پناہ کو قبول کرتے ہوئے اس سے کہا: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہہ دو کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کرے، وہاں جتنی چاہے نمازیں پڑھے اور قرآن کی تلاوت کرے۔ لیکن ہمیں اس وجہ سے تکلیف نہ دے اور یہ کام علی الاعلان نہ کرے، کیونکہ ہمیں خدشہ ہے کہ کہیں ہماری عورتیں اور ہمارے بچے اس فتنہ سے دوچار نہ ہو جائیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک عرصہ تک گھر ہی میں اپنے رب کی عبادت کرتے رہے، نہ نماز علی الاعلان پڑھتے اور نہ ہی کسی دوسرے گھر میں قرآن شریف کی تلاوت کرتے لیکن پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل میں کوئی بات آئی تو انہوں نے اپنے گھر کے صحن میں ایک مسجد بنا لی اور اس میں نماز پڑھنے لگے اور قرآن شریف کی تلاوت کرنے لگے، دیکھتے ہی دیکھتے مشرکین کی عورتوں اور بچوں کا ازدحام ہونے لگا، وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے رونے والے انسان تھے، جب قرآن پڑھتے تو اپنے آنسوؤں کو نہ روک پاتے۔ اس صورتحال سے مشرکین میں سے اشرافِ قریش گھبرا گئے، چنانچہ انہوں نے ابن الدغنہ کو بلایا، جب وہ آیا تو اس سے کہنے لگے: ہم نے آپ کے پناہ دینے کی وجہ سے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس شرط پر پناہ دی تھی کہ وہ اپنے گھر میں اپنے رب کی عبادت کریں گے، انہوں نے تو اس سے تجاوز

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتے ہوئے اپنے گھر کے صحن میں ایک مسجد بنالی ہے جہاں وہ کھلم کھلا نماز پڑھتے ہیں اور تلاوتِ قرآن کرتے ہیں اور ہمیں ڈر ہے کہ کہیں ہماری عورتیں اور ہماری اولاد اس فتنہ سے دو چار نہ ہو جائیں، لہٰذا تم اس کو باز کرو، اگر وہ (گھر ہی میں) اکتفاء کو پسند کرے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ تیری دی ہوئی پناہ کو تجھے واپس کر دے۔ چنانچہ ابن الدغنہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا اور نہایت سکون واطمینان سے بیٹھنے کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنے لگا: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ بات جانتے ہیں جس پر ہمارا اتفاق ہوا تھا، یا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس پر اکتفاء کریں یا پھر میری پناہ مجھے واپس لوٹا دیں، کیونکہ میں یہ بات پسند نہیں کرتا کہ عرب کے لوگ سنیں کہ میں نے ایک آدمی سے پناہ کا معاہدہ کیا تھا جسے میں نے توڑ دیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہایت مضبوط دل سے اس کو جواب دیا کہ میں تیری پناہ تجھے واپس کرتا ہوں اور اللہ عزوجل کی پناہ پر راضی وخوش ہوں۔[1]

## حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا اسلام لانا

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لیے گھر تنگ پڑ گیا، ان کی تعداد اڑتیس (۳۸) کے قریب تھی، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فکر لاحق ہوئی کہ اس کلمۂ حق اور نئے دین ''دین اسلام'' کا برملا اعلان واظہار ہو، چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اعلانِ حق اور بیت اللہ جانے کا اصرار کرنے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! ہماری تعداد کم ہے، لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ برابر اصرار کرتے رہے حتیٰ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے تمام مسلمان بھی مسجد کی اطراف میں چلنے لگے اور ہر آدمی اپنے قبیلہ وخاندان کے ساتھ مسجد میں داخل ہو گیا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کے درمیان خطاب کرنے کے لیے کھڑے ہوئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے، دوسری طرف مشرکین غصہ سے پھٹ رہے تھے پھر ان مشرکین نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

[1] ''السیرۃ النبویۃ'' (۹۳/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے مسلمانوں پر حملہ کر دیا اور ان کو خوب مارا پیٹا، کسی نے طمانچے مارے، کوئی مکے مار رہا تھا اور کوئی لاتیں مار رہا تھا، مارتے مارتے ان کی حالت غیر ہوگئی اور وہ ہلاکت کے قریب پہنچ گئے پھر بنو تیم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جسم کو ایک کپڑے میں ڈالا اور ان کو ان کے گھر پہنچایا، ان کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات میں کوئی شک نہ تھا۔ پھر بنو تیم کے لوگ ننگے سر مسجد میں آئے اور اعلان کیا خدا کی قسم! اگر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (اس صدمہ سے) فوت ہوئے تو ہم عتبہ بن ربیعہ کو ضرور قتل کر دیں گے۔ اس کے بعد وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس واپس لوٹے، ابو قحافہ (والد صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور بنو تیم کے لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے باتیں کرتے مگر ان کو کوئی ہوش نہ تھی، کوئی جواب نہیں دے رہے تھے، شام تک انہوں نے اپنے ہونٹ بھی نہیں ہلائے۔ پھر (ہوش آنے کے بعد) پہلی بات جو ان کے منہ سے نکلی وہ یہ تھی کہ رسول کریم ﷺ کا کیا حال ہے؟ بنو تیم کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس بات پر غصہ آیا۔ پھر انہوں نے ان کی والدہ سے کہا: دیکھو! اس کو کچھ کھلا دو یا کچھ پانی پلا دو۔ اس کے بعد وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس فعل پر تعجب کا اظہار کرتے ہوئے واپس لوٹ گئے۔ لیکن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہی پوچھ رہے تھے کہ آنحضرت ﷺ کا کیا حال ہے؟ ام جمیل بنت خطاب نے کہا: ہاں وہ خیریت سے ہیں اور صحیح و سالم ہیں۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہونٹوں میں مسکراہٹ آئی اور چہرہ خوشی سے کھل گیا، پھر یہ کہتے ہوئے بستر سے اٹھے کہ آنحضرت ﷺ (اس وقت) کہاں ہیں؟ ام جمیل نے کہا: وہ اس وقت دارِ ابن ابی ارقم میں ہیں۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: خدا کی قسم! جب تک میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر نہیں ہو جاؤں گا نہ کچھ کھاؤں گا اور نہ کچھ پیوں گا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلدی سے آنحضرت ﷺ کے پاس جانے لگے لیکن جب تکلیف کی شدت کی وجہ سے طاقت نہ ہوئی تو اپنی والدہ ام جمیل کا سہارا لیے دارِ ابن ابی ارقم میں رسولِ کریم ﷺ کے پاس پہنچ گئے۔ جب آنحضور ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جھک گئے اور ان کو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چومنے لگے، دوسرے مسلمان بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جھک گئے، یہ حالت دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر شدت رقت طاری ہوگئی۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان ہوں، اب مجھے کوئی تکلیف نہیں، سوائے اس کے جو اس خبیث (عتبہ) نے میرے منہ پر مارا تھا، یہ میری والدہ ہیں، اپنے بیٹے پر بڑی مہربان ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بڑی بابرکت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں اللہ کی طرف دعوت دیجیے اور ان کے لیے اللہ سے دعا کیجیے، امید ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان کو نارِ جہنم سے بچالے گا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لیے اللہ سے دعا فرمائی تو وہ اسلام لے آئیں۔[1]

## یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا مجھے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت کا شرف حاصل ہوگا؟

جس روز گرمی کی شدت چہروں کو جھلسا رہی تھی مکہ کی سرزمین گرمی کی آگ سے تپ رہی تھی اور عین دوپہر کے وقت لوگوں کی کھالیں جل رہی تھیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلدی سے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح یا شام کے وقت ہی تشریف لایا کرتے تھے لیکن اس روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلافِ معمول اس کڑی دوپہر کے وقت تشریف لائے جس روز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکہ سے ہجرت کرنے کی اجازت ملی۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اپنے حبیب اور اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک (حضور علیہ السلام) پر نظر پڑی تو یکدم اٹھ کھڑے ہوئے اور دل میں کہنے لگے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت ضرور کسی اہم واقعہ کی بناء پر تشریف لائے ہیں۔

جب آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اپنی چارپائی سے اٹھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہوئے۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بیٹھی تھیں۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ان کو ذرا یہاں سے ہٹادو۔ ابوبکر صدیق

---

[1] "حیاۃ الصحابۃ" (۲۷۳/۱)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ دونوں میری بیٹیاں ہی تو ہیں، میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان! پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے ہجرت کی اجازت دے دی ہے (یہ سن کر) صدیق اکبر رضی اللہ عنہ دو زانو ہو کر بیٹھے، آپ کے دونوں رخساروں پر آنسو بہہ رہے تھے، عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے بھی آپ کی رفاقت کا شرف حاصل ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! ہاں، تجھے میری رفاقت حاصل ہوگی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ خدا گواہ ہے کہ مجھے اس سے پہلے یہ بات معلوم نہیں تھی کہ کوئی شخص خوشی کے مارے بھی روتا ہے، میں نے اس دن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (خوشی کے مارے) روتے دیکھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا سارا مال (جو پانچ ہزار درہم تھے) لیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ہجرت کے لیے چل پڑے، ابوقحافہ آئے، وہ بہت بوڑھے تھے، ان کی بینائی بھی جاتی رہی تھی، بلند آواز میں کہنے لگے: خدا کی قسم! میرا خیال یہ ہے کہ اس نے اپنے مال کی وجہ سے تمہیں تکلیف پہنچائی ہے۔ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ان سے کہا: ابا جان! ایسی بات نہیں ہے، انہوں نے ہمارے لیے خیرِ کثیر چھوڑی ہے۔ چنانچہ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے گھر کے اس طاقچہ میں جہاں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنا مال رکھتے تھے کچھ پتھر لے کر رکھ دیئے اور اس پر کپڑا ڈال دیا پھر ان کا ہاتھ پکڑ کر کہا: ابا جان! دیکھو! اس مال پر اپنا ہاتھ رکھیے، جب انہوں نے اپنا ہاتھ رکھا تو انہیں وہاں کچھ رکھا ہوا محسوس ہوا پھر خوش ہو کر کہنے لگے: کوئی حرج نہیں؟ جب وہ تمہارے لیے اتنا مال چھوڑ گیا ہے اس نے اچھا کام کیا، اس سے تمہارا کام بن جائے گا۔ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ خدا کی قسم! حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمارے لیے کوئی چیز نہیں چھوڑی، میں نے صرف یہ چاہا کہ اس طریقہ سے ان بزرگوں کو خاموش کرادوں۔[1]

---

[1] "السیرة النبویة" لابن هشام (۲/۱۰۸، ۱۱۳)، "البدایة والنهایة" (۳/۱۷۹). "الکنز" (۱۶/۲۸۲، ۲۸۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اہل روم مغلوب ہو گئے

جنگ چھڑ گئی، گرد و غبار اٹھا، دہکتے سورج کی روشنی میں تلواریں چمکیں اور لاشیں گرنے لگیں، مکہ میں یہ آواز اٹھی کہ اہل فارس، رومیوں پر غالب آ گئے اور وہ جنگ جیت گئے۔ مشرکین کو اس پر خوشی ہوئی، کیونکہ مشرکین اور اہل فارس دونوں اہل کتاب میں سے نہیں تھے، مسلمان یہ چاہتے تھے کہ رومی ان پر غالب آ جائیں، اس لیے کہ مسلمان اور رومی، اہل کتاب میں سے تھے، جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی:

﴿الٓمٓ ○ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَھُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِھِمْ سَیَغْلِبُوْنَ ○ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ ○﴾ (الروم: ۱۔۴)

''روم والے مغلوب ہو گئے قریب کی زمین میں، اور وہ مغلوب ہونے کے بعد چند ہی سالوں میں پھر غالب ہوں گے۔''

تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ کی گلیوں میں مذکوہ آیات بار بار دھرانے لگے۔ مشرکین نے (یہ دیکھ کر) کہا، اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تمہارا صاحب کہتا ہے کہ اہل روم چند سالوں کے اندر اہل فارس پر غالب آنے والے ہیں، کیا یہ سچ ہے؟ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا ہے۔ وہ کہنے لگے: کیا تم اس پر ہمارے ساتھ قمار بازی کرتے ہو (یہ قمار بازی کی حرمت سے پہلے کا واقعہ ہے)، چنانچہ سات سال تک چار جوان اونٹنیوں پر معاہدہ ہو گیا، جب سات سال گزر گئے اور کوئی واقعہ رونما نہیں ہوا تو مشرکین بہت خوش ہوئے لیکن مسلمانوں پر یہ بات شاق گزرنے لگی، جب یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ذکر کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: تمہارے نزدیک ''بضع سنین'' (چند سالوں میں) سے کیا مراد ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: دس سال سے کم مدت۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جاؤ! ان سے مزید دو سال کی مدت طے کر لو، چنانچہ حضرت ابوبکر گئے اور ان سے مزید دو سال کی مدت کا معاہدہ طے کیا، ابھی دو سال پورے نہ گزرے تھے کہ دونوں کی باہم جنگ ہوئی اور رومیوں کو غلبہ حاصل ہوا، اس طرح مسلمانوں کو وہ خوشخبری مل گئی۔[1]

---

[1] ''الدر المنثور'' (۲۸۹/۵)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک رات، عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سارے خاندان سے بہتر ہے

صبح سویرے کچھ لوگ بیٹھے ادھر ادھر کی باتیں کر رہے تھے، ان باتوں میں ایک بات یہ تھی کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر فوقیت اور فضیلت دے رہے تھے، یہ بات اڑتی ہوئی امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچ گئی۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوڑتے ہوئے آئے اور لوگوں کے ایک بھرے مجمع میں کھڑے ہوکر فرمایا: خدا گواہ ہے کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک رات، عمر کے سارے خاندان سے بہتر ہے، اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک دن، عمر کے خاندان سے بہتر ہے۔ پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کے سامنے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے عظیم انسان کا ایک واقعہ بیان کیا تاکہ ان کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام و مرتبہ معلوم ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک رات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غار کی طرف جانے کے لیے نکلے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ راستہ میں چلتے وقت کبھی آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پیچھے چلتے اور کبھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے آگے چلتے، یہاں تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب اس کا علم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کیا وجہ ہے کہ تم کبھی میرے پیچھے چلتے ہو اور کبھی میرے آگے چلتے ہو؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑے غمزدہ لہجہ میں عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چلتا ہوں تاکہ دیکھوں کہ کہیں کوئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تلاش تو نہیں کر رہا ہے! اور کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے آگے چلتا ہوں تاکہ دیکھوں کہ کہیں کوئی گھات لگا کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتظار تو نہیں کر رہا ہے، اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اگر کوئی چیز ہوتی، خطرہ درپیش ہوتا تو میں پسند کرتا کہ تم ہی میرے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آ گئے ہوتے۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شوق سے عرض کیا: جی ہاں، اس ذات کی قسم! جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ جب دونوں غارِ ثور میں پہنچ گئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ عرض کرتے ہوئے ٹھہرایا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ٹھہریئے! مجھے پہلے اس غار میں جانے دیں، اگر کوئی سانپ یا مضر جانور ہو تو وہ مجھے نقصان پہنچائے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ پہنچائے۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ غار کے اندر گئے اور اپنے ہاتھ سے سوراخوں کو ٹٹولنے لگے اور ہر سوراخ کو کپڑے سے بند کیا، جب سارا کپڑا اس میں لگ گیا تو دیکھا کہ ایک سوراخ باقی رہ گیا ہے اس میں اپنا پاؤں رکھ دیا، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس غار میں داخل ہوئے۔ جب صبح ہوئی اور ہر طرف روشنی پھیل گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر نظر پڑی تو دیکھا کہ ان کے بدن پر کپڑا نہیں ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے متعجب ہو کر پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تمہارا کپڑا کہاں ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سارا واقعہ بتایا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک اٹھائے اور یہ دعا فرمائی: اے اللہ! قیامت کے دن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرے ساتھ میرے درجہ میں کر دے۔ اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی کہ اللہ جل جلالہٗ نے آپ کی دعا قبول فرمالی ہے۔ اس کے بعد حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ رات، عمر کے خاندان سے زیادہ بہتر ہے۔[1]

## زہریلے سانپ کا ڈسنا

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رفیق حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، غار کے اندر روپوش ہو گئے، تاریک رات ہے، اندھیرا چھا رہا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نیند آ رہی ہے، چنانچہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی آنکھیں بند کر لیں، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گود میں اپنا سر مبارک رکھا اور سو گئے، اسی دوران حضرت ابوبکر رضی

---

[1] "البداية والنهاية" (۳/۱۸۰) و "حلية الاولياء" (۱/۳۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ عنہ کے اس پاؤں کو زہریلے سانپ نے ڈس لیا جس پاؤں کے ساتھ انہوں نے سانپ کے بل کو بند کیا ہوا تھا، لیکن آپ رضی اللہ عنہ نے اس ڈر سے کہ کہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار نہ ہو جائیں، ذرا بھی حرکت نہیں کی۔ مگر کچھ ہی دیر کے بعد درد کی شدت سے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے آنسوؤں کا ایک قطرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک پر گرا جس سے آنحضرت کی آنکھ کھل گئی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: اے ابوبکرؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کیا بات ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، اس وقت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تکلیف ہو رہی تھی، میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان! سانپ نے ڈس لیا ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا مبارک لعاب دہن اس پر لگایا تو جو درد ان کو محسوس ہو رہا تھا وہ ایسا ختم ہوا کہ گویا جیسے سانپ نے ڈسا ہی نہ ہو اور جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات قریب ہوئی تو اس زہر کا اثر عود کر آیا تھا۔[1]

## ﴿غم نہ کرو، اللہ ہمارے ساتھ ہے﴾

اُدھر شرک کے زہریلے و خطرناک سانپ اور کفر کے سردار شیاطین، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یارِ غار کی تلاش میں تیزی سے نکلے، ہر مقام پر ہر جگہ پر گئے یہاں تک کہ جبل ثور پر آ پہنچے اور اس غار کے دروازہ کے پاس آ کر کھڑے ہو گئے جس غار میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحب چھپے ہوئے تھے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ان پر نظر پڑی تو گھبرا گئے اور پریشان ہوئے کہ کہیں یہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ نہ لیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا تو ان کا غم ختم کرنے کے لیے آہستہ آواز میں فرمایا: ''غم نہ کرو! بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سہمی ہوئی آواز میں کہا: اگر ان میں سے کسی نے اپنے قدموں کی طرف دیکھا تو ہمیں ضرور دیکھ لے گا، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب میں فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تمہارا ان دو کے متعلق کیا گمان ہے جن کا تیسرا خود اللہ ہو؟ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھنے لگے اور دعا کرنے لگے:

---

[1] ''مشکاۃ المصابیح'' (۶۰۲۵/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِىَ الْعُلْيَا وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴾(التوبة: ۴۰)[۱]

## ﴿میں اپنے رب سے راضی ہوں﴾

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پھٹے پرانے اور بوسیدہ عباء پہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے، اس عباء (چوغہ) کے کنارے کھجور کی شاخوں اور نباتات کی لکڑیوں سے جوڑے گئے تھے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور دریافت کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا وجہ ہے کہ میں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جسم پر ایسی بوسیدہ قسم کی عباء دیکھتا ہوں جس کو اس طرح سے جوڑا گیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے جبریل علیہ السلام! ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فتح سے پہلے اپنا مال مجھ پر خرچ کر دیا تھا۔ جبریل علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کہہ رہے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرما رہے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے پوچھیے کہ کیا وہ اس حالت فقر پر اللہ سے خوش ہے یا ناخوش؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہہ رہے ہیں اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھ رہے ہیں، کہ کیا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس حالتِ فقیرانہ پر اللہ سے خوش ہیں یا ناخوش؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کیا میں اپنے رب سے ناخوش ہو سکتا ہوں؟ پھر از راہِ شوق فرمانے لگے: میں اپنے رب سے راضی ہوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں۔ میں اپنے رب سے راضی ہوں۔[۲]

---

[۱] ''السيرة النبوية'' (۲/۱۰۸)، ''المجمع'' (۶/۵۲)، كتب التفيسر (التوبة: ۴۰)، سلسلة الموسوعة الاسلامية ''ابوبكر صديق'' ص ۴۹.

[۲] رواه ابو نعيم فى ''حلية الاولياء'' (۷/۱۰۵) وقال غريب من حديث الثورى، ''صفة الصفوة'' (۱/۲۴۹. ۲۵۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنتی ہیں

رات چھانے کو تھی، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد یوں منتشر بیٹھے تھے جیسے ستارے چودھویں کے چاند کے اردگرد ہوں، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی شیریں گفتگو جاری رکھے ہوئے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جنت میں ایک ایسا آدمی داخل ہوگا کہ جنت میں ہر گھر والا اور بالا خانے والا اس کو خوش آمدید، خوش آمدید کہے گا اور کہے گا کہ ہمارے ہاں آؤ، ہمارے ہاں آؤ۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شوق سے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آج کل اس آدمی کا ثواب (نیکی) کیا ہے؟ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف انبساط سے دیکھا اور ان کو یہ خوشخبری سنائی کہ اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! وہ آدمی تم ہی ہو۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آسمانی معراج ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت عدن میں داخل ہوئے تو وہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چودھویں کے چاند کی مانند بے مثال حور دیکھی جس کی پلکیں، گدھ کے اگلے پروں کی طرح تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا: تو کس کے لیے ہے؟ اس حور نے کہا: میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آنے والے خلیفہ کے لیے ہوں۔[1]

## جنت کے دروازے

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جماعت میں تشریف فرما تھے اور اپنی زبان مبارک سے موتی بکھیر رہے تھے اور لوگوں کو اپنی احادیث مبارکہ سے فیض یاب فرما رہے تھے کہ اس دوران حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کے راستہ میں دو ہم جنس چیزیں خرچ کرے گا اسے جنت کے دروازوں سے پکارا جائے گا کہ اے اللہ کے بندے! یہ بھلائی ہے، پس جو نمازی ہوگا اسے باب الصلوٰۃ (نماز کے دروازے)

---

[1] "مجمع الزوائد" (۹/۴۹)، قال الهیثمی: رواه الطبرانی فی الکبیر والاوسط ورجاله رجال الصحیح غیر احمد بن ابی بکر السالمی وهو ثقة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے بلایا جائے گا اور جہاد والے کو باب الجہاد سے بلایا جائے گا اور جو روزے دار ہوگا اسے باب الریان سے بلایا جائے گا اور جو صدقہ خیرات کرنے والا ہوگا اس کو باب الصدقہ سے بلایا جایا جائے گا۔ (یہ سن کر) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا ہوں، بظاہر (جنت کے سب) دروازوں سے بلائے جانے کی ضرورت تو نہیں ہے لیکن کیا کسی کو (جنت کے) تمام دروازوں سے بھی (اکراماً) بلایا جائے گا؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہونٹ مبارک کھلے اور فرمایا: ہاں، مجھے امید ہے کہ تم ان میں سے ہوگے۔[1]

## بھوک نے ہی ہمیں ستایا ہے

سورج سر پر کھڑا اپنے شعلے پھینک رہا تھا، گرمی کی شدت سے ریت تپ رہی تھی، ایسی کڑی دوپہر کے وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر سے نکلے اور مسجد میں آئے، حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو دیکھا تو پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! ایسے وقت میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر سے کیوں نکلے ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: بھوک کی شدت نے ہی گھر سے نکلنے پر مجبور کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خدا گواہ ہے کہ میرے گھر سے نکلنے کا سبب بھی یہی ہے۔ دریں اثناء کہ وہ آپس میں گفتگو کر رہے تھے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تشریف لے آئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں سے پوچھا: تم دونوں اس وقت گھر سے کیوں نکلے؟ انہوں نے کہا: ہمارا گھر سے نکلنے کا سبب بھوک کی شدت ہے، پیٹ میں ڈالنے کو کچھ بھی نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے، میرا بھی گھر سے نکلنے کا یہی سبب ہے، پس تم دونوں میرے ساتھ چلو! چنانچہ وہ چلتے ہوئے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازہ پر پہنچے، حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کھانا یا دودھ جمع

---

[1] رواہ "البخاری" (۱۸۹۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رکھتے تھے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وقت پر آنے میں تاخیر فرمائی تو انہوں نے اپنے گھر والوں کو وہ کھانا کھلایا تھا اور خود (اس دن) اپنے کھجوروں کے باغ میں کام کرنے چلے گئے تھے، بہر حال! جب یہ حضرات، حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے پر پہنچے تو ان کی بیوی نکلی اور اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھیوں کو خوش آمدید کہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہاں ہے؟ حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ آواز سنی تو دوڑتے ہوئے آئے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو خوش آمدید کہا، پھر عرض کیا: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آنے میں دیر کردی، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے اپنا سر مبارک ہلایا اور فرمایا: ہاں، تم سچ کہتے ہو، پھر حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلدی سے گئے اور درخت خرما سے ہر طرح کی کھجوروں کا خوشہ توڑ لائے جن میں تروتازہ کھجوریں بھی تھیں اور خشک کھجوریں بھی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شفقت کے انداز میں پوچھا: تم نے ہمارے لیے صرف خشک کھجوریں ہی کیوں نہ توڑلیں؟ ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسکراتے ہوئے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے چاہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تروتازہ کھجوریں اور خشک کھجوریں سب کھائیں، اور اس کے علاوہ ایک جانور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ذبح کردوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر جانور ذبح کرو تو دیکھنا کہ دودھ والا جانور ذبح نہ کرنا۔ چنانچہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بکری کا ایک بچہ ذبح کیا اور اپنی بیوی سے کہا کہ آٹا گوندھو اور روٹیاں پکاؤ، اس بکری کا آدھا حصہ تو پکایا اور دوسرا آدھا حصہ بھون لیا۔ جب حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھانا تیار کر کے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دو ساتھیوں کے سامنے رکھا اور انہوں نے کھایا تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور فرمایا: یہ گوشت، روٹی اور کچی پکی کھجوریں ہیں، اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ یہ وہی نعمتیں ہیں جن کے متعلق قیامت کے دن تم سے سوال ہوگا۔[1]

---

[1] "الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان" (۵۲۱۶) اس میں اس آیت کی طرف اشارہ ہے: ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ" (التکاثر: ۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اے ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! ان کو چھوڑ دو

عید کا دن تھا، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنی صاحبزادی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر اچانک آئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہاں گانا گانے اور دف بجانے کی آوازیں سنیں تو گھر کے صحن میں جلدی سے آئے تو دیکھا کہ انصار کی دو بچیاں جنگ بعاث کا گانا گا رہی ہیں اور حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا چہرہ مبارک پھیرے بستر پر آرام فرما رہے ہیں۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رہا نہ گیا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان بچیوں کو سخت لہجہ میں ڈانٹا: یہ کیا ہے؟ شیطانی باجے، وہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! ان کو چھوڑ دو ہر قوم کے لیے عید و خوشی کا دن ہوا کرتا ہے اور آج ہماری عید کا دن ہے۔ پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو گئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان بچیوں کو ہاتھ سے دبایا، پھر وہ بچیاں چلی گئیں۔[1]

## حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خوشخبری دینے میں سبقت لے جاتے ہیں

ستارے اپنی ہلکی روشنی کے ساتھ مدینہ کے آسمان پر بکھرے ہوئے تھے، رات کی تاریکی ختم ہونے کو تھی، ایسے وقت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک طویل حدیث کے بعد واپس آ رہے تھے دریں اثنا کہ یہ حضرات مدینہ کی گلیوں میں چل رہے تھے کہ کسی آدمی کی آواز سنائی دی جو مسجد میں کھڑے نماز پڑھ رہا تھا، نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی قرأت سننے کے لیے ٹھہر گئے، پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، جو شخص یہ پسند کرے کہ وہ قرآن کو تازہ تازہ جیسے نازل ہوا ہے تو اسے چاہیے کہ ابن ام معبد (ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی تلاوت سن لے، پھر ابن

---

[1] رواہ البخاری (۹۵۰، ۹۵۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھ گئے اور دعا کرنے لگے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمانے لگے: ''مانگو! تجھے دیا جائے گا، مانگو تجھے عطا ہوگا۔'' پھر سب اپنے اپنے گھر واپس چلے آئے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اپنے گھر لوٹ گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چاہا کہ وہ جلدی سے یہ خوشخبری ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچا دیں، (اپنے دل میں) کہا کہ میں صبح کو ضرور جا کر انہیں یہ خوشخبری سناؤں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ جب میں صبح کو خوشخبری دینے کے لیے پہنچا تو دیکھا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھ سے پہلے ہی پہنچے ہوئے ہیں چنانچہ انہوں نے ان کو خوشخبری سنائی، خدا کی قسم! جب بھی میں نے کسی بھی نیکی کے کام میں ان سے مقابلہ کیا تو وہ مجھ پر سبقت لے گئے ہیں۔[1]

## حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور فنحاص یہودی

یہودیوں کے بڑے بڑے ناگ ایک جگہ جمع ہو کر اسلام کے خلاف اپنے خفیہ منصوبے اور اپنی باطنی عداوت کا اظہار کر رہے تھے اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کر رہے تھے کہ اچانک حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے اندر زبردستی گھس آئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ کچھ لوگ ایک آدمی کے پاس جمع ہیں جس کا نام فنحاص ہے جو ان یہودیوں کے علماء میں سے ہے۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے فنحاص! تیرا ستیاناس ہو! خدا کا خوف کر اور مسلمان ہو جا! خدا کی قسم! تو جانتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور دین حق لے کر آئے ہیں، تم ان کا ذکر تورات وانجیل میں مکتوب پاتے ہو۔

فنحاص نے سخت انداز میں جواب دیا: اے ابو بکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)! خدا کی قسم! ہمیں اللہ کی طرف کوئی احتیاج نہیں ہے، خدا ہمارا محتاج ہے، ہم اس کے سامنے ایسے نہیں گڑگڑاتے جیسے وہ خود ہمارے سامنے گڑگڑاتا ہے، ہم تو اس سے بے نیاز ہیں

---

[1] ''مسند ابی یعلی'' (۱۹۳) (۱/۱۷۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور وہ ہم سے بے نیاز نہیں ہے، اگر وہ ہم سے بے نیاز ہوتا اور غنی ہوتا تو ہم سے ہمارے اموال کا قرض نہ طلب کرتا جیسا کہ تمہارے صاحب کہتے ہیں، وہ تمہیں سود سے منع کرتا ہے جبکہ ہمیں سود دیتا ہے اگر وہ ہم سے غنی ہوتا تو ہمیں سود نہ دیتا۔ (یہ سن کر) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ غصہ میں آ گئے اور فنحاص کے چہرے پر خوب مارا۔ پھر شیر کی طرح گرجتے ہوئے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے، اگر ہمارے اور تمہارے درمیان معاہدہ نہ ہوتا تو میں تیرے سر کو اڑا دیتا، اے دشمن خدا! فنحاص اس حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا کہ اس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہوئی تھیں۔ دربار رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر کہنے لگا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! دیکھیے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھی نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا: تم نے یہ کام کیوں کیا؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس خدا کے دشمن نے بڑی بھاری بات کہی تھی، اس نے کہا کہ خدا محتاج ہے اور ہم مالدار ہیں، جب اس نے یہ بات کہی تو مجھے اس پر اللہ کی رضا کی خاطر غصہ آ گیا اور میں نے اس کے چہرے پر مارا۔ فنحاص چلایا اور انکار کرتے ہوئے کہنے لگا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جھوٹ کہتے ہیں، میں نے تو ایسی کوئی بات نہیں کہی۔ پس اللہ تعالیٰ نے فنحاص کی بات کی تردید اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات کی تائید و تصدیق میں یہ آیت کریمہ نازل فرمائی:

﴿لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ﴾ (آل عمران: ۱۸۱)

"بے شک اللہ تعالیٰ نے سن لیا ہے ان لوگوں کا قول جنہوں نے یوں کہا کہ اللہ تعالیٰ مفلس ہے اور ہم مالدار ہیں ہم ان کے کہے ہوئے کو لکھ رہے ہیں اور ان کا انبیاء کو ناحق قتل کرنا بھی، اور ہم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہیں گے چکھو آگ کا عذاب۔"

## ابو قحافہ کا اسلام لانا

فتح مکہ کو ابھی کچھ ساعات ہی گزری ہوں گی، کفر و شرک کا زور ٹوٹا ہی تھا، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت الحرام میں داخل ہوئے تھے اور بتوں کو پاش پاش کیا ہی گیا تھا اور ہر سو تکبیر کی صدائیں گونجی تھیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد، ابو قحافہ، کو لے کر حاضر ہوئے، ابو قحافہ کی بینائی جاتی رہی تھی، جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دیکھا تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عتابانہ انداز میں فرمایا: ان بزرگوں کو گھر ہی میں رہنے دیا ہوتا حتیٰ کہ میں خود ان کے پاس حاضر ہو جاتا! ابوبکر! نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ اس کے زیادہ مستحق ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چل کر آئیں بہ نسبت اس کے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود ان کے پاس تشریف لے جائیں۔ بعد ازاں ابو قحافہ بڑے اطمینان سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بیٹھ گئے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک ان کے سینہ پر پھیرا تا کہ کفر کی گندگی نکل جائے اور اس سے فرمایا: مسلمان ہو جایئے۔ چنانچہ وہ مسلمان ہو گئے اور اللہ نے ان کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں ہدایت عطا فرمائی۔[1]

## تین چیزیں حق ہیں

ایک آدمی نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نازیبا کلمات کہے اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سب و شتم کیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی طعن زنی کا کوئی جواب نہ دیا، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خاموش رہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پہلو میں تشریف فرما تھے اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خاموشی پر پسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے مسکرا رہے تھے لیکن جب اس آدمی کی طعن و تشنیع حد سے بڑھ گئی اور وہ بار بار آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برا بھلا کہنے لگا تو ابوبکر

---

[1] "الموسوعة الاسلامية" (ابوبکر) ص ۸۱

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خاموشی چھوڑی اور اس شخص کو کچھ نہ کچھ جواب دیا، اس پر آنحضرت ﷺ غضبناک ہوئے اور اُٹھ کر چلے آئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے آنحضور ﷺ کی ناراضگی کو بھانپ لیا اور حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر دریافت کیا: یارسول اللہ ﷺ! وہ شخص مجھے برا بھلا کہہ رہا تھا اور آں جناب ﷺ تشریف فرما تھے لیکن جب میں نے بھی اس کو کچھ جواب دیا تو آپ ﷺ ناراض ہو کر چلے آئے؟ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا: اس وقت وہاں ایک فرشتہ موجود تھا جو تمہاری طرف سے اس کو جواب دے رہا تھا لیکن جب تو نے اس کو جواب دیا تو شیطان آ پہنچا، اس لیے میں شیطان کی موجودگی میں بیٹھنے کا نہیں تھا۔

پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا، اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تین باتیں ایسی ہیں کہ اس کے صحیح ہونے میں کوئی شک نہیں۔ ایک بات یہ ہے کہ جب کسی بندے پر کوئی ظلم ہو اور وہ اللہ کی رضا کے لیے خاموش رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کی مدد فرما کر اسے عزت بخشتے ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ جب کوئی شخص عطیہ کا دروازہ (کسی پر) کھولتا ہے اور اس سے اس کا مقصد صلہ رحمی ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس (کے مال میں) کثرت و اضافہ فرماتے ہیں اور تیسری بات یہ ہے کہ جو شخص کسی کے سامنے دستِ سوال دراز کرتا ہے اور اس سے اس کا ارادہ مال بڑھانا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے مال میں مزید کمی کر دیتے ہیں۔[1]

## کوئی ہے جو مجھ سے مقابلہ کرے؟

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ تاحال مسلمان نہیں ہوئے تھے اور بڑے جوان طاقتور تھے مشرکین کی صفوں سے نمودار ہوئے اور للکارنے لگے: کوئی ہے جو میدان میں آئے؟ یہ آواز حضرت صدیق اکبر کے کانوں میں پڑی، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے

---

[1] "مسند الامام احمد" (۴۳۶/۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھے۔ شیر کی طرح فوراً اٹھے اور اس للکارنے والے شخص کی طرف جانے لگے تا کہ اس کا مقابلہ کریں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پکڑ لیا اور فرمایا کہ آپ نہ جائیں۔ اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی ذات سے ہمیں فائدہ دیں۔[۱]

## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے بیٹے کی باہمی گفتگو

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عبدالرحمٰن بدر کی لڑائی میں مشرکین کے ساتھ شریک تھے لیکن جب مسلمان ہوئے تو (ایک دن) اپنے والد ماجد کے پاس بیٹھے تھے تو اپنے والد سے کہنے لگے: بدر کی لڑائی میں میری نظر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر پڑی تھی، اس وقت آپ کو نشانہ بنانا میرے لیے بہت آسان تھا، لیکن میں وہاں سے ایک طرف کو ہو گیا اور آپ کو قتل نہیں کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، لیکن اگر تم میرے نشانہ پر ہوتے تو میں تجھے نہ چھوڑتا اور ضرور قتل کرتا۔[۲]

## اللہ تجھے رضوانِ اکبر عطا فرمائے

ایک جماعت کی شکل میں وفدِ عبدالقیس مدینہ منورہ پہنچا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد حلقہ بنا کر بیٹھ گیا، ان کی زبانوں سے حکمت کی باتیں نکلنے لگیں، پھر ان میں سے ایک شخص اٹھا اور اس نے کوئی لغو بات کہی۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف نظرِ التفات فرمائی اور تعجبانہ انداز میں پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کیا تم نے وہ بات سنی اور سمجھی جو اس نے کہی ہے؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

---

۱ "الحاکم" (۳/۷۳/۴)

۲ "تاریخ الخلفاء" ص: ۶۴

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہا: جی ہاں، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کو جواب دو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو جواب دیا اور اس شخص نے جو بات کہی تھی اس کا رد کیا اور جواب بھی خوب دیا۔ اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ خوشی سے چمک اٹھا اور دعا دی: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تعالیٰ تجھے رضوانِ اکبر (کی نعمت) عطا فرمائے۔ ایک شخص نے پوچھا: یا رسول اللہ! رضوانِ اکبر سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آخرت میں اپنے بندوں کے لیے عام تجلی فرمائیں گے لیکن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے خاص تجلی فرمائیں گے۔[1]

## خدا کی قسم! یہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق پر ہے

صلح حدیبیہ کے بعد مسلمانوں کے لیے یہ امر دشوار گزار ہوا کہ وہ بیت اللہ شریف کی خوشبو سونگھے بغیر ہی مدینہ واپس چلے آئیں۔ چنانچہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سوختہ دل کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گفتگو کرنے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور دریافت کیا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نبی برحق نہیں ہیں؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ کیوں نہیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی برحق ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر پوچھا: کیا ہم حق پر اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے؟ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: کیوں نہیں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر کہا: تو پھر ہم اپنے دین کے بارے میں کمزوری کیوں اختیار کریں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہایت اطمینان اور اللہ پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے فرمایا: اے شخص! یہ اللہ کے پیغمبر ہیں، اپنے رب کی نافرمانی نہیں کر سکتے، اللہ تعالیٰ ان کے مددگار ہیں، تم آخری دم تک ان کے دامن سے وابستہ رہو، خدا گواہ ہے کہ یہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برحق ہیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا﴾

---

[1] "المستدرک" (۷۸/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''یعنی ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مبین عطا فرمائی ہے۔''

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوڑے ہوئے آئے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھے اور پوچھنے لگے: یارسول اللہ! کیا یہ فتح ہے؟ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا: ہاں۔ (یہ سن کر) ان کا جی خوش ہو گیا اور وہ واپس لوٹ گئے۔[1]

## خاندانِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی برکات

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کسی سفر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ تھیں، جب لوگ مقامِ بیداء میں پہنچے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ہار گم ہو گیا، اس ہار کی تلاش کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ٹھہرنا پڑا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دوسرے لوگ بھی ٹھہر گئے جبکہ ان کے پاس پانی بھی نہیں تھا۔ اسی دوران کسی نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جا کر یہ کہہ دیا کہ کیا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیکھتے نہیں کہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کیا کام کیا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی روک دیا، لوگوں کے پاس پانی بھی نہیں ہے اور نہ یہاں کوئی چشمۂ آب ہے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ غصہ سے بھرے ہوئے سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس پہنچے تو دیکھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی ران پر اپنا سر مبارک رکھے ہوئے ہیں اور گہری نیند سو رہے ہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس بیٹھ کر ان کے پہلو میں مارنے لگے اور ان کو یہ کہتے ہوئے ڈانٹنے لگے: تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبوس کر دیا، لوگوں کے پاس پانی بھی نہیں ہے اور نہ پہاڑ پر پانی کا کوئی چشمہ ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عتاب اور ملامت کرنے لگے، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری ران پر سر مبارک رکھے آرام فرما رہے تھے اس لیے میں نے کوئی حرکت نہیں کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کے وقت بیدار ہوئے۔ اور حال یہ تھا کہ پانی کا نام و نشان نہیں تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آیت تیمّم نازل فرمائی۔ سب نے تیمّم

---

[1] ''سیرۃ ابن هشام'' (۲/۳۰۸، ۳۲۲)، ''الفتح'' (۷/۴۳۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا۔ اس پر اُسید بن الحضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے آلِ ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! یہ تمہاری پہلی برکت نہیں ہے۔ جس وقت سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اونٹ کھڑا ہوا تو اس کے نیچے سے وہ ہار مل گیا۔[۱]

## باکمال لوگ ہی باکمال لوگوں کے مقام کو پہچانتے ہیں

ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یوں گھیرا ہوا تھا جیسے کنگن، کلائی کو گھیرے ہوتا ہے، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تازہ بتازہ احادیث کی سماعت کر رہے تھے کہ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ تشریف لائے سلام کرنے کے بعد کھڑے رہے کہ کوئی جگہ ملے تو بیٹھ جاؤں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے چہروں کی طرف دیکھا کہ ان میں سے کوئی ان کو جگہ دیتا ہے اور مجلس میں وسعت پیدا کرتا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دائیں جانب بیٹھے تھے، لہٰذا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی جگہ سے ہٹتے ہوئے فرمایا: اے ابوالحسن! یہاں بیٹھیے! چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان میں بیٹھ گئے، (یہ منظر دیکھ کر) حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرا دیئے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ خوشی سے چمکنے لگا اور خوشی کے آثار چہرۂ انور پر نظر آنے لگے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف جھکے اور انہیں آہستہ آواز میں فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! باکمال لوگوں کے مقام کو باکمال لوگ ہی پہچانتے ہیں۔[۲]

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں

ایک روز نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہو گئے تو ناتواں بدن لے کر بستر پر پڑے سو

---

[۱] رواہ "البخاری" (۳۴۴)

[۲] "البدایة والنهایة" (۷/۳۵۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گئے، تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ زیارت کے لیے حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بستر مرض پر پڑے ہیں تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شدید غم لاحق ہوا، جب گھر واپس لوٹے تو خود بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غم میں بیمار ہو گئے، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے مرض سے شفایاب ہوئے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات کرنے تشریف لائے۔ (جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا تو) ان کا چہرہ خوشی سے دمکنے لگا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفایاب ہو گئے، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس عدیم النظیر محبت کا نقشہ کچھ اس طرح سے کھینچا ہے:

مرض الحبیب فعدته فمرضت من أسفي علیه

شُفی الحبیب فزارني فشفیت من نظري الیه

''میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوئے تو میں نے ان کی بیمار پرسی کی، پس میں اس غم کے مارے خود بیمار ہو گیا، پھر میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شفاء حاصل ہوئی تو وہ میری ملاقات کو تشریف لائے تو ان پر نظر پڑتے ہی میں بھی شفایاب ہو گیا۔''[1]

## جنت میں داخل ہونے والا پہلا شخص

عین دوپہر کے وقت نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو معراج کے متعلق کچھ بیان فرما رہے تھے تو اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے جنت کا وہ دروازہ دکھایا جہاں سے میری امت داخل ہو گی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑے شوق سے عرض کیا: یا رسول اللہ! میری خواہش ہے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوں تاکہ میں بھی اس کو دیکھوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خبردار! تم میری امت کے پہلے شخص ہو جو اس دروازے سے جنت میں داخل ہو گے۔[2]

---

[1] ''من وصایا الرسول صلی اللہ علیہ وسلم'' (۲/۳۹۴)

[2] ''الحاکم'' (۳/۷۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قسم نہ کھاؤ

صبح ہوتے ہی ایک آدمی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے آج رات خواب میں ایک بادل کا ٹکڑا دیکھا جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے اور لوگ اسے ہاتھوں میں لے کر پی رہے ہیں، ان میں زیادہ پینے والے بھی ہیں اور کم پینے والے بھی ہیں، پھر میں نے آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی ایک رسی دیکھی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس (رسی) کو پکڑا اور اوپر چڑھ گئے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ایک اور آدمی نے اسے پکڑا اور وہ بھی چڑھ گیا، پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور اوپر چڑھ گیا، پھر جب ایک اور آدمی نے اسے پکڑا (اور اوپر چڑھنے لگا) تو وہ ٹوٹ گئی لیکن اسے دوبارہ جوڑ دیا گیا اور اس طرح وہ بھی چڑھ گیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان ہوں، واللہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اس کی تعبیر بیان کرنے دیں! آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا، تم تعبیر بیان کرو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے: بادل کا وہ ٹکڑا اصل میں اسلام کے بادل کا ٹکڑا ہے، اور اس میں سے ٹپکنے والے گھی اور شہد کی تعبیر قرآن سے ہے جس کی مٹھاس اور نرمی، شہد اور گھی سے مناسبت رکھتی ہے، زیادہ اور کم پینے والے بھی قرآن زیادہ اور کم سیکھنے والے ہیں، اور آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی وہ حق ہے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قائم ہیں، جس کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پکڑتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اوپر اٹھالیں گے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آنے والا ایک شخص اسے تھامے گا اور اوپر کی طرف چڑھ جائے گا، پھر دوسرا آدمی بھی اسے تھامے گا اور وہ بھی اوپر کی طرف چڑھ جائے گا، لیکن جب اس کے بعد آنے والا شخص اسے پکڑے گا تو وہ ٹوٹ جائے گی لیکن پھر جوڑ دی جائے گی اور وہ بھی اوپر کی جانب چڑھ جائے گا۔ پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے بتائیے! میں نے درست تعبیر کی یا غلط؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کچھ صحیح

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور کچھ غلط! حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! خدارا! مجھے میری غلطی ضرور بتا دیجیے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم نہ کھاؤ۔"[1]

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں سب سے محبوب شخص

ایک شخص جہاد سے واپس آیا، اس کی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ عورتوں کی جانب سے کوئی قرابت داری تھی، اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر میں تھے، چنانچہ وہ شخص جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا استقبال کیا اور فرمایا: خوش آمدید، خوش آمدید، صحیح سلامت واپس بھی آ گئے اور غنیمت بھی حاصل کر لی، ہاں، بتاؤ، کس کام سے آئے ہو؟ اس آدمی نے دریافت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب کون شخص ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ جو میرے پیچھے بیٹھی ہے یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ اس شخص نے سر ہلاتے ہوئے کہا، میری مراد عورتوں میں سے نہیں ہے بلکہ میں مردوں میں سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے والد یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔[2]

## خوشخبری ہو! اللہ کی نصرت آ گئی

غزوۂ بدر کے موقع پر سترہ رمضان المبارک کی صبح، جمعہ کے دن، رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سائبان میں داخل ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پیچھے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آ پہنچے، اور کوئی شخص ان کے ساتھ موجود نہ تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پروردگار عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وعدۂ نصرت کے ایفاء کی دعا کرنے لگے اور دستِ مبارک اٹھا کر یوں عرض گزار ہوئے: "اے اللہ! اگر آج مسلمانوں کی یہ قلیل جماعت ہلاک ہو گئی تو پھر

---

[1] رواہ: "الترمذی" رقم (۳۲۹۳)

[2] "المطالب العالیۃ" (۴/۴۴)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ کی عبادت کرنے والا کوئی نہ ہوگا۔" ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے عرض کیا: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو وعدہ فرمایا ہے وہ اس کو ضرور پورا کرے گا۔ اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طویل قیام فرمانے کے بعد بیٹھ گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (اس دوران) اونگھ آ گئی۔ جب بیدار ہوئے تو فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! خوشخبری ہو! اللہ کی نصرت آ گئی۔ یہ دیکھو! جبریل علیہ السلام گھوڑے کی لگام پکڑے آ رہے ہیں جس کا یہ غبار اُڑ رہا ہے۔[1]

## میں اپنے رب سے سرگوشی کر رہا تھا

ایک رات حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے حالات معلوم کرنے کے لیے باہر نکلے تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ وہ پست آواز میں نماز پڑھ رہے ہیں، پھر تھوڑی دیر کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر پڑی تو دیکھا کہ وہ بلند آواز سے نماز پڑھ رہے ہیں۔ بعد ازاں جب وہ دونوں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بیٹھ گئے تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! میرا گزر تیرے پاس سے ہوا تو میں نے دیکھا کہ تم بڑی پست آواز میں نماز پڑھ رہے تھے؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں اس ذات کو سنا رہا تھا جس کے ساتھ میں سرگوشی کر رہا تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا: میرا گزر تیرے پاس سے ہوا تو تم بلند آواز سے نماز پڑھ رہے تھے؟

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں سونے والے کو جگا رہا تھا اور شیطان کو بھگا رہا تھا۔ اس پر حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اور ان کو اعتدال کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم اپنی آواز کو بلند کرو۔ اور اے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم اپنی آواز (قدرے) پست کرو۔[2]

---

[1] "سیرۃ ابن ھشام" (۲/۲۷۹)

[2] "النسائی" رقم (۱۱۲۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اگر میں کسی کو اپنا خلیل بنا سکتا تو.........

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ایک دن) اپنی مرض وفات کے دنوں میں سر مبارک پر پٹی باندھ کر تشریف لائے اور منبر پر بیٹھ کر حمد وثنا بیان کی، پھر نحیف آواز میں فرمایا: لوگوں میں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوا کوئی ایسا نہیں ہے جس نے اپنی جان اور مال کے ذریعہ مجھ پر بہت احسان کیا ہو، اگر میں لوگوں میں سے کسی کو اپنا خلیل بنا سکتا تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا خلیل بناتا لیکن اسلام کی اخوت سب سے بہتر ہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیتے ہوئے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دوازہ کے سوا اس مسجد کے تمام دروازے بند کر دو۔[1]

## اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تیری مغفرت کرے

(ایک دن) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ربیعۃ الاسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان گفتگو چل پڑی، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کوئی ناگوار بات کہہ دی، پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شرمندگی ہوئی اور حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنے لگے، ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم بھی مجھے اس طرح کی بات کہہ دو تاکہ اس کا بدلہ ہو جائے۔ حضرت ربیعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: میں ایسا نہیں کروں گا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: تم ضرور (اس طرح کی بات) بھی مجھے کہہ دو ورنہ میں تیرے خلاف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مدد مانگوں گا۔ حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: میں ایسا نہیں کروں گا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چل پڑے، ربیعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے ہو لیے، (راستہ میں) قبیلۂ اسلم کے کچھ لوگ حضرت ربیعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اردگرد اکٹھے ہو گئے اور کہنے لگے: اللہ تعالیٰ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم کرے۔ وہ کس لیے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مدد مانگنے

---

[1] رواہ: "البخاری" (۴۶۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جا رہے ہیں، حالانکہ خود انہوں نے آپ سے وہ بات کہی تھی جو کہی تھی! حضرت ربیعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: کیا تم جانتے بھی ہو یہ کون ہیں؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، یہ ثانی اثنین ہیں اور مسلمانوں کی ذی الشیبۃ (سفید بالوں والے) بزرگ ہیں، احتراز کرو! اگر انہوں نے مڑ کر تمہیں دیکھ لیا کہ تم میری حمایت کر رہے ہو تو ناراض ہو جائیں گے اور ان کے ناراض ہونے سے خدا کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ناراض ہو جائے گا، پھر ان دونوں کی ناراضگی کی وجہ سے اللہ جل شانہٗ ناراض ہو جائیں گے اور نتیجہ یہ ہو گا کہ ربیعہ برباد ہو جائے گا۔ وہ کہنے لگے: تو پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیں کس بات کا حکم دیتے ہیں؟ حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: تم واپس چلے جاؤ۔ چنانچہ حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکیلے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تمہارا اور صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کیا مسئلہ ہے؟ حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! انہوں نے مجھے ایک ناگوار بات کہی تھی پھر مجھے کہا کہ تم بھی مجھے ایسا ہی کہہ دو جیسے میں نے تمہیں کہا، تاکہ بدلہ ہو جائے، لیکن میں نے انکار کیا۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے ربیعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم ان سے یوں کہہ دو! اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تیری مغفرت کرے۔ حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تیری مغفرت کرے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سن کر روتے ہوئے واپس لوٹ گئے۔[1]

## صاحبِ فضل و کمال لوگ

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مسطح بن اُثاثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر آپس کی قرابت داری کی وجہ سے خرچ کیا کرتے تھے، لیکن جب مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ واقعۂ افک میں شور مچانے والوں کے ساتھ شامل ہو گئے تھے اور ان کی زبان سے کچھ ایسی باتیں نکل گئیں جس

[1] ''تاریخ الخلفاء'' (۹۲، ۹۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو تکلیف پہنچی اور پھر اللہ جل شانہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی برأت قرآن میں نازل فرمادی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: خدا کی قسم! اب میں مسطح پر کبھی کچھ خرچ نہیں کروں گا کیونکہ اس نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق ایسی باتیں کہی ہیں۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

﴿وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾ (النور: ۲۲)

''اور جو لوگ تم میں سے وسعت والے ہیں وہ اہل قرابت کو اور مساکین کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں اور چاہیے کہ یہ معاف کر دیں اور درگزر کریں کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف کر دے بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والے بڑے مہربان ہیں۔''

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمانے لگے: کیوں نہیں! خدا کی قسم! میں یہ چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری بخشش فرمادے۔ اس کے بعد مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وہ اخراجات جو پہلے دیتے تھے دینے لگے[1] اور فرمایا: خدا کی قسم! میں اب یہ اخراجات ان سے کبھی نہ روکوں گا۔[2]

## ﴿میرے صاحب کو میری خاطر چھوڑ دو﴾

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پریشانی کے عالم میں اپنے تہبند کے کونہ کو پکڑے دوڑے جا رہے تھے۔ اور گھٹنے ظاہر ہو رہے تھے چہرے کا رنگ متغیر تھا اور غم

---

[1] رواہ ''البخاری'' (۲۶۶۱)

[2] رواہ ''البخاری'' (۶۶۷۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وحزن کے آثار نمایاں ہو رہے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہچان گئے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان کوئی بات چل پڑی ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوڑے ہوئے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گئے اور ان سے قصور معاف کرنے کی درخواست کی مگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہ مانے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تیری مغفرت کرے تین بار فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ندامت ہوئی اور فوراً ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پہنچے، جب گھر پر نہ ملے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے، جب قریب ہوئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ کا رنگ متغیر ہو گیا اور آنکھیں سرخ ہو گئیں حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ڈر گئے اور فوراً دو زانو ہو کر بیٹھے اور انتہائی عاجزی کے ساتھ عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! خدا کی قسم! میں نے ہی ظلم کیا تھا، میں نے ہی ظلم کیا تھا! اس کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہاری طرف مبعوث فرمایا تو تم نے کہا: تم جھوٹ کہتے ہو، لیکن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ تم سچ کہتے ہو اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی جان اور مال کے ذریعہ میرے ساتھ ہمدردی کی تو کیا تم (لوگ) میری خاطر میرے ساتھی کو چھوڑ دو گے؟ (دو مرتبہ فرمایا) پھر اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تکلیف نہ دی گئی۔[1]

## ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے تکلیف نہیں پہنچائی

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس تشریف لائے تو منبر پر چڑھے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا: لوگو! بے شک ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کبھی مجھے تکلیف نہیں دی، پس تم ان کا مرتبہ پہچانو۔ لوگو! میں ان سے راضی ہوں۔[2]

---

[1] رواہ "البخاری" (۳۶۶۱)

[2] "الخلفاء الراشدون" (۴۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نیک کاموں پر جنت کی بشارت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ایک جماعت میں تشریف فرما تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے پوچھا تم میں سے آج کس کا روزہ ہے؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں روزے دار ہوں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر پوچھا: (آج) تم میں سے کون جنازہ کے ساتھ گیا؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بولے، یا رسول اللہ! میں گیا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر پوچھا: آج مسکین کو کھانا کس نے کھلایا؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا یا رسول اللہ! میں نے کھلایا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر پوچھا: آج تم میں سے کس نے بیمار کی عیادت کی؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بولے: یا رسول اللہ! میں نے عیادت کی۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص میں یہ امور جمع ہوں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''[1]

## یہ بزرگ آخر کیوں روتے ہیں؟

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر رونق افروز ہوئے، لوگوں کو ایسا پُر اثر وعظ و نصیحت فرما رہے تھے جیسے ان سے آخری الوداعی گفتگو فرما رہے ہوں۔ آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہیں اور اپنے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرف دیکھ رہے ہیں اس دوران آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ایک بندہ کو اختیار دیا کہ وہ دنیا لے لے یا اللہ تعالیٰ کے پاس جو کچھ ہے وہ لے لے پس اس بندہ نے اس چیز کو منتخب کیا جو اللہ کے پاس ہے۔ (اس پر) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ زور زور سے رونے لگے اور آنسو ان کے رخساروں پر بہہ رہے تھے، اس حال میں فرمایا کہ ہمارے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان، ہمارے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان، لوگ حیران ہوئے اور متعجب ہو کر کہنے لگے: یہ بزرگ آخر کیوں روتے ہیں؟

---

[1] اخرجہ مسلم (۱۰۲۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کس چیز نے ان کی خاموشی کو ختم کر دیا۔ حالانکہ نبی کریم ﷺ کسی بندے کے متعلق فرما رہے ہیں کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت میں کسی کا انتخاب کرنے کا اختیار دیا تو اس نے آخرت میں اللہ کے حضور ملنے والی نعمتوں کو ترجیح دی، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا ہوا کہ یہ روتے ہیں؟ لیکن لوگ جانتے تھے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان میں سب سے زیادہ علم و معرفت رکھنے والے ہیں اور وہ بندے جنہیں اللہ نے دنیا و آخرت میں سے کسی کا انتخاب کرنے کا اختیار دیا تو انہوں نے اپنے رب کے جوار کو پسند کیا وہ خود نبی مکرم ﷺ ہیں اسی لیے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ روئے، چند دن نہ گزرے ہوں گے کہ حضور ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے اور آپ ﷺ کی روح مبارک پروردگار عالم کے جوار میں پہنچ گئی۔[1]

## تم صواحبِ یوسف علیہ السلام جیسی ہو

رسول کریم ﷺ کا مرض بڑھ گیا یہاں تک کہ آپ ﷺ اٹھنے بیٹھنے سے معذور ہو گئے، اتنے میں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور ﷺ کو نماز کی اطلاع دینے حاضر ہوئے، آنحضرت ﷺ نے اپنے کندھے سے کپڑا ہٹایا اور کمزور آواز میں فرمایا: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رقیق القلب آدمی ہیں، جب نماز کے لیے کھڑے ہوں گے تو ان پر آہ و بکاء کا غلبہ ہو جائے گا اور رونے کی وجہ سے ان کی قرأت بھی سنائی نہیں دے گی اس لیے اگر آپ ﷺ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دے دیں تو بہتر ہوگا۔ حضور ﷺ نے دوبارہ اصرار کرتے ہوئے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ حضور ﷺ سے کہو کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے نرم دل انسان ہیں، جب وہ نماز پڑھائیں گے تو ان کے زیادہ

---

[1] رواہ "البخاری" (۴۶۶)، نیز دیکھئے: "المشکاۃ" (۵۹۵۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ونے کی وجہ سے لوگ ان کی آواز کو نہ سن پائیں گے، اس لیے اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس کے لیے فرما دیں تو بہتر ہوگا۔ اس پر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مایا: تم یوسف علیہ السلام کے ساتھ والیاں ہو، جاؤ! ابوبکر سے کہو، وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز کے لیے کھڑے ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی طبیعت میں کچھ خفت محسوس ہوئی تو آپ اٹھے اور دو آدمیوں کا سہارا لیے زمین پر نشان ڈالتے ہوئے مسجد میں تشریف لے آئے، جب ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آنے کا احساس ہوا تو اپنی جگہ سے پیچھے ہٹنے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ اپنی جگہ پر رہو۔ لیکن صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیچھے ہٹ گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صف میں کھڑ ہو گئے۔

جب نماز ختم ہو گئی تو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! جب میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ اپنی جگہ پر قائم رہو تو تم کیوں نہیں قائم رہے؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عاجزانہ انداز میں سر جھکائے ہوئے کہا: ابوقحافہ کے بیٹے کے لیے یہ مناسب نہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں نماز پڑھائے۔[1]

## تم نے اچھا کیا

نماز کا وقت ہو گیا ہے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں بیمار ہیں۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنے لگے: نماز کا وقت ہو گیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی موجود نہیں ہیں تو کیا میں اذان و اقامت کہہ دوں اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا دیں؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے، اگر تم چاہو۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان دی، پھر اقامت کہی اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوسری یا تیسری بار نماز پڑھانے کے لیے آگے بڑھے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کچھ خفت محسوس ہوئی تو مسجد تسریف لے آئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھ کر فارغ

---

[1] رواہ "البخاری" (۶۷۸، ۶۸۴، ۷۱۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو چکے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: کیا تم نے نماز پڑھ لی؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: تمہیں کس نے نماز پڑھائی؟ لوگوں نے کہا: حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا: تم نے اچھا کیا، بہت خوب، جس قوم میں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود ہوں پھر اس کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ ان کے علاوہ کوئی دوسرا امامت کرے۔[1]

## آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی اور موت کس قدر خوشگوار ہے!

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عوالی مدینہ میں اپنے گھر استراحت اور بعض اہم کاموں کی انجام دہی کے لیے تشریف لے گئے، ابھی کچھ دیر ہی گزری ہوگی کہ ایک شخص دوڑتا ہوا اور چیختا چلاتا آیا تا کہ ایک غمناک اور المناک خبر سے مطلع کرے، اس نے آ کر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایسی خبر دی جس کی دہشت سے ان کے ہوش اڑ گئے، اس نے آنسو بہاتے ہوئے یہ آواز دی کہ اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اے ابن ابی قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھبرائے ہوئے باہر نکلے اور اس شخص کو دیکھا جو غم کے آنسو بہا رہا تھا، اور سانس پھولنے کی وجہ سے آواز نہیں نکل رہی تھی، پھر جب اس کا سانس پھولنا بند ہوا تو اس نے بھاری ہونٹوں سے یہ خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہو گا۔ (یہ خبر سن کر) صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دل کانپ اٹھا اور آنکھیں ڈبڈبا گئیں اور فوراً مدینہ روانہ ہوئے، اس حادثۂ فاجعہ نے ان کے ہوش وحواس اڑا دیئے، اس خبر نے بجلی جیسا اثر کیا، گویا زمین نیچے سے ہل رہی ہو اور پہاڑ ان کے اردگرد موجزن ہوں۔ اس حال میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے، لوگوں کا ایک مجمع تھا، کوئی بیٹھا تھا اور کوئی کھڑا تھا اور کوئی چیخ و پکار کر رہا تھا، سب کی آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہوئی تھیں۔ حتیٰ کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا جلیل القدر اور راسخ العقیدہ انسان بھی اپنے حواس کھو بیٹھا تھا، اپنی تلوار نیام

---

[1] "المطالب العالية" لابن حجر (۴/۳۳) وعزاه لاحمد بن منيع في "مسنده"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے نکالی اور بلند آواز میں کہا: جو شخص کہے کہ محمد ﷺ فوت ہو گئے ہیں میں اپنی تلوار سے اس کی گردن اڑا دوں گا۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کو اپنی ہیجانی حالت میں چھوڑ کر گھر کے اندر تشریف لے گئے، وہاں دیکھا کہ حضورِ اقدس ﷺ کو گھر کے گوشہ میں ایک دیوار کے نیچے ڈھانکا ہوا ہے اور آپ ﷺ کے جسم اطہر پر یمنی چادر ہے۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور ﷺ کی جانب جھکے اور چہرۂ انور سے کپڑا ہٹایا اور الوداعی بوسہ لیا اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مشک کی سی خوشبو محسوس ہوئی، پھر فرمایا: ''اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ کی زندگی اور موت دونوں کس قدر خوشگوار اور پاکیزہ ہے'' اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھے، پاؤں وزنی ہو رہے تھے اور پنڈلیوں میں کمزوری کے باعث طاقت نہیں تھی کہ وہ آپ کے نحیف جسم کو اٹھائیں اور آپ گھر سے باہر اس جگہ پہنچے جہاں لوگ جمع تھے، اس مجمع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ''لوگو! جو شخص محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا تو (وہ سن لے) کہ محمد ﷺ کی وفات ہو گئی ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا تو اللہ تعالیٰ زندہ ہیں اور ان کو موت نہیں آئے گی۔ پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی:

﴿وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ﴾ (آل عمران: ۱۴۴)

''اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، آپ سے پہلے اور بھی بہت رسول گزر چکے ہیں سو اگر آپ کا انتقال ہو جائے یا آپ شہید ہی ہو جائیں تو کیا تم لوگ الٹے پھر جاؤ گے، اور جو شخص الٹا پھر بھی جائے گا تو خدا تعالیٰ کا کوئی نقصان نہ کرے گا اور خدا تعالیٰ جلد ہی عوض دے گا حق شناس لوگوں کو۔''[1]

---

[1] ''البدایۃ'' (۵/۲۴۳، ۲۴۴)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بدکار عورتوں کو سزا دینا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کی خبر پھیلتے ہوئے کندہ اور حضر موت تک پہنچی تو وہاں کے فاسقوں اور منافقوں نے جشن منایا اور سانپ (کفار) اپنی بلوں سے نکل آئے اور کچھ عورتیں نمودار ہوئیں جو خوشی کا اظہار کر رہی تھیں، ان عورتوں نے اپنے ہاتھ مہندی سے رنگے اور دف بجاتی ہوئیں باہر نکل آئیں۔ یہ حالت دیکھ کر ایک غیرت مند مسلمان کھڑا ہوا اور اس نے اس منافقانہ سرکشی کے خلاف عملی اقدام اٹھاتے ہوئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ منورہ ایک پیغام بھیجا جس میں اس نے یہ اشعار لکھے:

ابلغ ابابکر اذا ماجئته ان البغایا رُمن ای مرام

اظهرن من موت النبی شماتة خضبن ایدیهُن بالعلام

فاقطع هُدیت اکفهن بصارم کالبرق اومض من متون غمام

''ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچ کر یہ پیغام پہنچاؤ کہ یہاں بدکار عورتوں نے تہمتیں لگائی ہیں ان عورتوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ہاتھ مہندی سے رنگے ہیں خدا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو توفیق دے، آپ ان کے ہاتھ تیز تلوار سے کاٹ دیں۔ جیسے بجلی آسمان پر چمکتی ہے۔''

یہ پیغام حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر بجلی بن کر گرا، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا متواضع انسان آتش فشاں پہاڑ بن گیا اور اس فتنہ کی سرکوبی کے لیے شمشیر بے نیام بن گیا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فوراً اپنے گورنر کو یہ حکم بھیجا کہ وہ جا کر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے انتقام لیں، چنانچہ انہوں نے ان عورتوں کو جمع کیا اور ان کے ہاتھ کاٹ دیئے۔[۱]

---

[۱] ''عیون الاخبار'' (۱۱۶/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# جس شخص میں یہ تین صفات جمع ہوں

سقیفہ بنی ساعدہ میں لوگوں کا ازدحام تھا اور معاملہ پیچیدہ ہوتا جارہا تھا، ہر طرف سے جوش دار آوازیں اور جذبات کا اظہار ہو رہا تھا۔ انصار کہنے لگے کہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک امیر تم میں سے ہو تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک میان میں دو تلواریں ٹھیک نہیں ہیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور ان کا ہاتھ پکڑا اور لوگوں سے یہ سوال کیا، تاکہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام و مرتبہ سب کو معلوم ہو، بتاؤ! یہ تین صفات کس میں موجود ہیں؟ پہلی صفت یہ کہ "اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ" میں صاحب سے کون مراد ہیں؟ سب نے کہا کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مراد ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر پوچھا، بتاؤ "اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ" میں "هُمَا" (وہ دونوں) سے کون مراد ہیں؟ سب نے کہا کہ اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مراد ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر سوال کیا کہ "اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا" سے کیا مراد ہے، بتاؤ! اللہ کن کے ساتھ ہے؟ لوگوں نے کہا اللہ تعالیٰ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ہے۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں سے فرمایا کہ تم میں سے کون ایسا ہے جس کا جی یہ چاہتا ہو کہ وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آگے بڑھے؟ سب کہنے لگے، ہم خدا کی پناہ میں آتے ہیں کہ ہم ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آگے بڑھیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اپنا ہاتھ بڑھایئے تاکہ میں بیعت کروں، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی، (یہ دیکھ کر) سب لوگ اٹھ کھڑے ہوئے اور انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر بہت خوب بیعت کی۔[1]

---

[1] "فضائل الصحابة" للنسائي (۵٦)، الحاكم (۳/٦٧)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حضرتِ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پہلا خطاب

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ شرماتے اور گھبراتے ہوئے منبر نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب بڑھے، پس وپیش کرتے ہیں، پھر کچھ دیر سوچنے کے بعد پہلی سیڑھی پر قدم رکھا، پھر دوسری سیڑھی پر چڑھے، پھر تیسری سیڑھی پر پہنچے تو کپکپائے اور اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقام پر بیٹھنے کے قابل نہیں سمجھ رہے تھے، اپنے ہاتھ سے آنسوؤں کا سیل رواں صاف کیا، پھر لوگوں کے ایک عظیم مجمع کی طرف رخ کیا، خلافت کی اہم ذمہ داری آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر کے سامنے تھے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: لوگو! مجھے تم پر ولی مقرر کیا گیا ہے جبکہ میں تم سے زیادہ بہتر نہیں ہوں، اگر میں اچھا کام کروں تو تم میری مدد کرنا اور اگر غلط کام کروں تو مجھے سیدھا کر دینا۔ یاد رکھو! جو تم میں کمزور ہے وہ میرے نزدیک طاقتور ہے یہاں تک کہ میں اس کا حق وصول کرلوں اور جو تم میں طاقتور ہے وہ میرے نزدیک کمزور ہے یہاں تک کہ میں اس سے دوسرے کا حق وصول کرلوں۔ تم میری اطاعت کرنا جب تک کہ میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کروں، اگر میں نافرمانی کروں تو تم پر میری کوئی اطاعت نہیں ہے۔[1]

## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مانعینِ زکوٰۃ کے ساتھ قتال کا فیصلہ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کی خبر جنگل میں آگ کی طرح اطرافِ عالم میں پھیل گئی حتیٰ کہ مدینہ کے منافقین نے اس خبر کو بڑی دلچسپی سے سنا اور ان کے اصل روپ سامنے آگئے اور حقیقت سے پردہ اٹھنے لگا اور وحشت انگیز افواہیں اڑنے لگیں اور منافقین جمع ہونے لگے، ارتداد کی آگ بھڑک اٹھی، ہر طرف سرکشوں اور باغیوں نے فتنہ وفساد برپا کر دیا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مہاجرین وانصار کو جمع

---

[1] "الطبقات الکبریٰ" (۱۳۸،۱۳۳/۳)، "الکنز" (۲۰۸،۲۰۷/۵)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا اور ان سے مشورہ لیا اور فرمایا: عرب کے لوگوں نے (زکوٰۃ میں) اپنے اونٹ اور بکریاں دینے سے انکار کر دیا ہے اور کہتے ہیں کہ وہ آدمی (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جس کی وجہ سے تمہاری مدد کی جاتی تھی وہ وفات پا گیا ہے، اب تم مجھے مشورہ دو، میں بھی تمہاری طرح کا ایک انسان ہوں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: میری رائے یہ ہے کہ ان سے نماز قبول کی جائے اور زکوٰۃ ان کے لیے چھوڑ دی جائے کیونکہ وہ زمانۂ جاہلیت کے قریب ہیں (یعنی نو مسلم ہیں)۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کی طرف دیکھا تو محسوس ہوا کہ یہ لوگ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات پر مطمئن ہیں تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی جگہ سے اٹھے اور منبر پر چڑھ کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد باآوازِ بلند اپنے جذبۂ ایمانی کا اظہار کرتے ہوئے اور نحیف الجسم ہونے کے باوجود حملہ آور شیر کی طرح گرج دار آواز میں فرمایا: خدا کی قسم! میں اس وقت تک ایک حکم الٰہی پر قتال کرتا رہوں گا جب تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ پورا فرمائیں اور ہم میں سے قتال کرنے والا قتال کرتے ہوئے شہید ہو جائے اور جنت کا مستحق ہو جائے اور ہم میں سے زندہ بچنے والا خلیفہ ہو کر زمین کا مالک بنے۔ خدا کی قسم! اگر یہ لوگ ایک رسی بھی جو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیا کرتے تھے، نہ دیں گے تو میں اس پر ان سے ضرور قتال کروں گا، اگرچہ ان کے ساتھ شجر و حجر اور سارے جن و انس مل کر لڑیں! (یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا: اللہ اکبر، اللہ اکبر۔ پھر فرمایا: خدا کی قسم! میں جان گیا کہ یہ بات حق ہے۔[1]

## نہ میں سوار ہوں گا اور نہ تم سواری سے اترو گے

ایک نو عمر سپہ سالار اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے سیاہی مائل سفید گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہیں، اور شیر کی طرح نظر آ رہے ہیں، دل اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سے معمور ہے اور ایمان رگ و ریشہ میں سرایت کیا ہوا ہے، اتنے میں حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پروقار انداز میں دوڑتے ہوئے مقام جرف میں پہنچ گئے اور لشکر کے

---

[1] "البداية والنهاية" (٦/ ٣١١)، "الكنز" (١٤١٦٤)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک ایک سپاہی سے ملنے لگے اور ان کا جائزہ لینے لگے، پھر ان نوعمر قائد لشکر کے پاس پہنچے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاؤں مبارک ریت میں دھنستے جا رہے تھے اور گھوڑوں کے سم مٹی اور گرد کو اڑا رہے تھے تو شیر کے اس بچہ کو خلیفۃ المسلمین پر رحم آیا اور انتہائی ادب واحترام کے ساتھ عرض کیا: اے خلیفۂ رسول! خدا کی قسم! آپ سوار ہو جائیں ورنہ میں سواری سے نیچے اتر آؤں گا۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''خدا کی قسم! نہ تم نیچے اترو گے اور خدا کی قسم! نہ میں سوار ہوں گا۔ اگر اللہ کی راہ میں تھوڑی دیر کے لیے میرے قدم غبار آلود ہو گئے تو کیا ہوا[1]

## کپڑا فروش

صبح سویرے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے سر پر کپڑوں کا انبار اور کپڑوں کے تھان اٹھائے گھر سے نکلے اور بڑی مستعدی اور نشاط کے ساتھ بازار کی طرف دوڑتے ہوئے جا رہے تھے کہ (راستہ میں) حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ان پر نظر پڑ گئی، وہ دونوں ان کا راستہ کاٹتے ہوئے دوڑے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو زور سے آواز دی: اے خلیفۂ رسول اللہ! کہاں جا رہے ہیں؟

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سر پر لادے ہوئے کپڑوں کے اس انبار کے نیچے سے جھانکتے ہوئے کہا: بازار جا رہا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: بازار جا کر کیا کرو گے؟ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے متعجب ہو کر جواب دیا: اے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! کپڑوں کو بیچوں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: لیکن اب تو ایک چیز نے آپ کو مشغول کر دیا ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے خاموش رہے پھر فرمایا: تمہاری مراد خلافت ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: جی ہاں، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تعجب خیز انداز میں پوچھا: اے ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ! پھر میں

---

[1] "البداية والنهاية" (۶/۳۰۳، ۳۰۵)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے بچوں کو کہاں سے کھلاؤں گا؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: ہم بیت المال سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے کچھ مقرر کر دیں گے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کے حالات کے پیش نظر اس بات کو منظور کیا اور بازار تشریف نہیں لے گئے۔[1]

## ام ایمن کا رونا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد مسلمانوں کے دل حزن و ملال سے لبریز ہو گئے اور چہروں پر پریشانی اور اداسی ظاہر ہونے لگی: اس غم خیز فضاء سے نکلنے کے لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ چلو! ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس چلتے ہیں، ان کی زیارت کرتے ہیں جیسا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے ملنے جایا کرتے تھے۔ جب وہ دونوں حضرات رضی اللہ تعالیٰ عنہما، ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس پہنچے تو (دورانِ ملاقات) ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت زیادہ رونے لگیں، انہوں نے پوچھا: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کیوں رو رہی ہیں؟ کیا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جانتی نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے پاس جو اجر و نعمت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بہت بہتر ہے؟ کہنے لگیں: میں اس لیے نہیں رو رہی ہوں، کیونکہ میں جانتی ہوں کہ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ کے حضور ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بہتر ہے، میں تو اس بات پر رو رہی ہوں کہ اب آسمان سے وحی کے آنے کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ (ام ایمن کی) اس بات نے ان کو بھی رونے پر برانگیختہ کر دیا، چنانچہ وہ حضرات رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ رونے لگے۔[2]

## شاتم شیخین رضی اللہ عنہما کا انجام

کچھ لوگ سفر پر نکلے تو ان میں کا ایک آدمی، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی

---

1. "الخلفاء الراشدون" ص ۶۲
2. "مشکاۃ المصابیح" (۳/۵۹۶۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ عنہما کو برا بھلا کہنے لگا لوگوں کو اس پر غصہ آیا اور اس کو تنبیہ کی کہ باز آ و! کیا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دو وزیروں، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بُرا بھلا کہتے ہو؟ لیکن وہ شخص باز نہ آیا اور گالیاں دیتا رہا اور حضرات شیخین کی شان میں نامناسب الفاظ بولتا رہا۔ کچھ ہی دیر کے بعد اس شخص کو بیت الخلا میں جانے کی ضرورت پیش آئی، جب وہ بیت الخلاء میں پہنچا تو شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کے جھنڈ نے اس پر حملہ کر دیا، وہ اس کو ڈسنے لگیں اور کاٹنے لگیں، وہ چیختا ہوا فریاد کرنے لگا، لوگ بھاگتے ہوئے گئے تاکہ اس کی کچھ مدد کریں، لیکن جو بھی اس کے قریب ہوتا وہ بھڑیں اس پر حملہ آور ہو جاتیں۔ چنانچہ لوگوں نے اس کو چھوڑ دیا اور دور سے اس کو دیکھتے رہے، نتیجہ یہ ہوا کہ شہد کی ان مکھیوں اور بھڑوں نے اس کا جسم چھلنی چھلنی کر دیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کا اس طرح دفاع کرتا ہے۔[1]

## ﴿تم نے احتیاط پر عمل کیا﴾

حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما انتہائی تواضع وانکساری کے ساتھ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس مبارک میں بیٹھے ہوئے تھے اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتیں ہمہ تن گوش ہو کر سن رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا: تم وتر کب پڑھتے ہو؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہایت ادب کے ساتھ جواب دیا، میں رات کے اول حصہ ہی میں وتر پڑھتا ہوں۔ پھر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف نظر التفات فرمائی اور ان سے بھی یہی پوچھا: تم کب وتر پڑھتے ہو؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: میں رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھتا ہوں، اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: تم نے احتیاط پر عمل کیا اور انہوں نے (مراد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) قوت پر عمل کیا۔[2]

---

[1] "فضائل الصحابة" رقم (۲۲۴)

[2] رواه "ابوداؤد" رقم (۱۲۲۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ایک چور اور اس کی سزا

لوگوں نے ایک چور کو پکڑا اور اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو قتل کر دو۔ لوگوں نے حیران ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس نے صرف چوری کی ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو قتل کر دو، لوگوں نے پھر عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس نے صرف چوری کی ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا: اس کا ہاتھ کاٹ دو۔

چند دن گزرے تو اس شخص نے پھر چوری کی تو اس کا ایک پاؤں کاٹ دیا گیا، پھر اس نے عہد صدیقی میں تیسری بار چوری کی تو اس کا دوسرا ہاتھ کاٹ دیا گیا، اس کے بعد اس نے پھر چوتھی بار چوری کا ارتکاب کیا تو اس کا دوسرا پاؤں بھی کاٹ دیا گیا، اس طرح اس کے سارے ہاتھ پیر کٹ گئے، لیکن اس کے بعد اس نے پانچویں مرتبہ پھر چوری کا ارتکاب کیا! تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس شخص کو زیادہ جانتے تھے جس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اس کو قتل ہی کر دو، پھر حضرت ابوبکر نے اس چور کو قتل کے لیے قریش کے چند نوجوانوں کے حوالہ کر دیا۔ جنہوں نے اس کو پھر قتل کر دیا۔[1]

## افضل کون؟

کوفہ اور بصرہ کے کچھ لوگ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ملنے مدینہ منورہ آئے، یہاں پہنچ کر آپس میں بحث کرنے لگے کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما میں افضل کون ہے؟ بعضوں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل قرار دیا اور بعضوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل قرار دیا، ان میں ایک شخص جارود بن المعلی بھی تھے ان کا خیال یہ تھا

[1] رواہ "النسائی" (۴۸۹۱)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل ہیں۔ اسی دوران حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے اور ان کے ہاتھ میں کوڑا تھا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوراً ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے جو ان کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر فضیلت وفوقیت دیتے تھے اور ان کو اپنے اس کوڑے سے مارنے لگے یہاں تک کہ ان میں سے ہر شخص ان کے پاؤں پکڑ کر اپنا بچاؤ کرنے لگا۔ جارود کہنے لگے، اے امیر المؤمنین! ہوش میں آیئے! ہوش میں آیئے! اللہ تعالیٰ کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ ہمیں دیکھے کہ ہم ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فضیلت دیتے ہیں، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو اس معاملہ میں بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل ہیں اور اس مسئلہ میں بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل ہیں! (یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غصہ دور ہوا اور واپس چلے آئے، جب شام ہوئی تو منبر پر چڑھے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کے بعد فرمایا: خبردار! خدا کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اس امت کے افضل ترین آدمی ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، جو شخص اس کے بعد کسی اور کو افضل کہے گا تو وہ جھوٹ گھڑے گا اور اس کی وہی سزا ہوگی جو ایک افترا پرداز کی ہوتی ہے۔[1]

## اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رو پڑے........

جب حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بصرہ کے امیر بنے تو ان کا معمول تھا کہ جب بھی خطبہ پڑھتے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرتے پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے اور پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے بھی دعا کرتے، ہر جمعہ ان کا یہی معمول تھا، ایک دن ایک آدمی جن کا نام ضبة بن محصن تھا، کو ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ معمول ناگوار ہوا اور اس نے سخت لہجہ میں ان سے کہہ دیا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون ہوتے ہیں جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر فضیلت دیں؟ اس پر ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ غضبناک ہوئے اور

---

[1] "الخلفاء الراشدون" ص ۴۶

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انہوں نے امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا کہ ضبۃ بن محصن میرے ساتھ میرے خطبہ کے بارے تعرض کرتا ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا کہ اس آدمی کو میرے پاس بھیج دو۔ چنانچہ ضبۃ بن محصن مدینہ منورہ پہنچے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے پیش ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خدا کرے کہ تیری جگہ تنگ ہو اور اہل نہ رہے (یعنی بددعا دی)۔ ضبۃ نے کہا: وسعت اور کشادگی تو اللہ تعالیٰ دینے والے ہیں اور باقی رہے اہل تو میرا کوئی مال و اولاد نہیں ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے بلاوجہ اور بلاقصور میرے شہر سے کیوں بلایا، میں نے کوئی جرم بھی نہیں کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: تمہارا ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ کس بات کا جھگڑا ہے؟ ضبۃ نے کہا: امیر المؤمنین! اچھا اب میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بتاتا ہوں، ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب بھی خطبہ پڑھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود شریف بھیجنے کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دعا کرتے ہیں، پس اس بات نے مجھے برافروختہ کیا اور میں نے ان سے کہا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کون ہوتے ہیں جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر فضیلت اور فوقیت دیں؟ مگر انہوں نے فوراً آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے میری شکایت کر دی۔ (یہ سنتے ہی) حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ رونے لگے، آنسو ان کے رخساروں پر بہنے لگے، فرمایا کہ خدا گواہ ہے کہ تم ان سے زیادہ رشد و ہدایت رکھنے والے اور ان سے زیادہ توفیق والے ہو۔ کیا میرا قصور کوئی معاف کرنے والا ہے؟ اللہ تعالیٰ تیرا قصور معاف فرمائے۔ ضبۃ نے کہا: اے امیر المؤمنین! اللہ تعالیٰ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قصور معاف فرمائے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے فرمایا: خدا گواہ ہے کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک رات اور ایک دن، عمر اور عمر کے خاندان سے زیادہ افضل ہے۔[1]

---

[1] "الرقة والبكاء" "لابن قدامة المقدسي" ص ۱۵۴، ۱۵۵

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اس تیر نے میرے بیٹے کو شہید کر دیا

طائف کی لڑائی میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے حضرت عبداللہ کو تیر لگا جس سے وہ شہید ہو گئے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے بیٹی! عبداللہ کی شہادت میرے نزدیک بکری کے کان کی مانند ہے جو گھر سے نکال دی گئی ہو (آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقصد اس مصیبت کو کم جتانا تھا) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرمانے لگیں، اللہ کا شکر ہے جس نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صبر کرنے کی طاقت دی اور ہدایت پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مدد فرمائی۔ اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ باہر گئے پھر گھر تشریف لائے اور فرمایا: اے بیٹی! شاید کہ تم نے عبداللہ کو دفن کر دیا ہو، جبکہ وہ زندہ ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پڑھا، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اے ابا جان! ہم اللہ ہی کی ملک ہیں اور اسی کی طرف لوٹ جانے والے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غمزدہ ہو کر کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کی جو سمیع وعلیم ہے پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود کی حرکتوں سے۔ پھر اپنی گفتگو جاری رکھتے ہوئے فرمایا: اے بیٹی! کوئی شخص ایسا نہیں جس کے لیے اثر نہ ہو، ایک تو فرشتہ کا اثر اور دوسرا شیطان کا اثر (وسوسہ)۔ کچھ عرصہ کے بعد جب ثقیف کا وفد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ تیر جو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے پاس رکھا ہوا تھا، ان کو دکھایا اور پوچھا، تم میں سے کوئی اس تیر کو پہچانتا ہے؟ بنو عجلان کے آدمی سعد بن عبید بولے: ہاں، اس تیر کو میں نے تراشا تھا اور اس پر پر لگایا اور اس کو تانت سے باندھا اور میں نے ہی اس کو چلایا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اسی تیر نے میرے بیٹے کو شہید کیا، اللہ کا شکر ہے کہ اس نے تیرے ہاتھ سے اس کو عزت دی اور شہید ہوا اور تم کفر کی حالت میں مرو گے، کیونکہ وہ بہت خوددار ہے۔[1]

[1] "الحاکم" (۴۷۷/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مجھ سے بدلہ لے لو

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اعلان کیا کہ زکوٰۃ کے اونٹ لوگوں میں تقسیم کر دیئے جائیں۔ جب اونٹ لائے گئے تو فرمایا کہ کوئی شخص بغیر اجازت کے میرے پاس نہ آئے ایک عورت نے اپنے شوہر سے کہا کہ یہ لگام لے لو، ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ایک اونٹ عطا کر دیں۔ وہ آدمی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا، اس نے دیکھا کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اونٹوں کے باڑے کے اندر گئے ہیں تو یہ بھی ان کے ساتھ اندر چلا گیا۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مڑ کر دیکھا تو ایک آدمی کو اپنے پاس موجود پایا جس کے ہاتھ میں لگام بھی ہے، اس کو فرمایا کہ تم ہمارے پاس کس لیے آئے ہو؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے وہ لگام پکڑی اور اس لگام سے اس کو مارا، جب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اونٹ کی تقسیم سے فارغ ہو گئے تو اس شخص کو بلایا اور اس کو اس کی لگام واپس دے دی اور فرمایا کہ تم مجھ سے بدلہ لے لو، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمانے لگے، خدا کی قسم! نہ یہ شخص آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بدلہ لے گا اور نہ اس عمل کو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنت کا درجہ دیں گے۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: پھر مجھے بتاؤ کہ قیامت کے دن اللہ کی پکڑ سے مجھے کون بچائے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اس کو راضی کر لو، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس شخص کے لیے سواری کا ایک اونٹ، کجاوہ چادر سمیت دینے کا حکم دیا اور اس کے ساتھ پانچ دینار بھی دیئے اور اس کے ذریعہ اس کو راضی کیا۔ وہ آدمی راضی خوشی گھر واپس آیا اور وہ پھولے نہ سما رہا تھا۔[1]

## اس بیچارے پر رحم کرو

حضرت بلال بن رباح رضی اللہ عنہ مسلمان ہو چکے تھے اور ان کی پاکیزہ روح،

[1] "السنن الکبریٰ" (۸/۴۹)، "الکنز" (۱۴۰۵۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرب خداوندی کے اُنس کو محسوس کر چکی تھی، حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس دین جدید، دین اسلام، کے جب گن گانے شرع کیے تو کفر کے سرداروں کو اس کا پتہ چلا، انہوں نے ان کی آواز سنی جس سے نورِ حق نمایاں ہو رہا تھا تو انہوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی گردن میں طوق اور زنجیریں ڈالیں اور مکہ کے دو پہاڑوں کے درمیان گھمایا پھرایا اور ان کو تپتی ریت پر بھی ڈالا پھر ایک بڑا پتھر لائے جوان کے سینے پر رکھ دیا کہ شاید یہ اپنے معبودوں کی طرف لوٹ آئے لیکن اس سے ان کے دینی تصلب میں اضافہ ہی ہوا اور خدا کے دین کی محبت ان کے دل میں مزید پیدا ہوئی، اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان سے ''احد، احد'' ہی کے الفاظ نکل رہے تھے، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ادھر سے گزر ہوا تو دیکھا کہ وہ لوگ اس کے ساتھ سخت سلوک کر رہے ہیں تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امیہ بن خلف سے کہا کہ خدا کا خوف کرو! اس بیچارے کو کیوں اذیت پہنچا رہے ہو؟ اور اس کو کب تک تکلیف دیتے رہو گے؟ امیہ بن خلف نے کہا کہ تم نے ہی اس کو بگاڑا ہے لہٰذا تم ہی اس کو اس مصیبت سے خلاصی دلاؤ چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نو اوقیہ چاندی کے عوض حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خرید لیا اور انہیں اپنے ہمراہ لے کر واپس ہوئے۔ اس کے بعد امیہ نے ازراہِ تمسخر کہا کہ ہاں اس کو لے لو، لات وعزیٰ کی قسم! اگر تم ایک اوقیہ چاندی کے عوض بھی لینا چاہتے تو میں اس کو بیچ دیتا۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم! اگر مجھے اس کے لیے سو اوقیہ چاندی بھی دینی پڑتی تو میں ضرور دیتا۔[1]

## اسی چیز نے مجھے رُلایا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پروقار انداز میں بیٹھے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محوِ گفتگو تھے کہ تھوڑی ہی دیر کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے غلام سے کہا کہ پانی پلاؤ! غلام کچھ دیر کے بعد مٹی کے ایک برتن میں پانی لایا، حضرت صدیق

[1] ''الحلیة'' (۱/۱۴۸)، و ''رجال حول الرسول ﷺ'' ص ۸۶

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے برتن کو پکڑا اور پیاس بجھانے کے لیے اپنے منہ کے قریب کیا ہی تھا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ برتن تو شہد سے بھرا ہوا ہے جس میں پانی بھی ملا ہوا ہے اور اس میں صرف شہد نہیں تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ برتن رکھوا دیا اور وہ پانی ملا شہد نہیں پیا۔ پھر غلام کی طرف دیکھا اور اس سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ غلام گھبرائے ہوئے بولا: شہد ہے۔ پانی ملا شہد۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ برتن کی طرف غور سے دیکھنے لگے، چند لمحات ہی گزرے تھے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب بہنے لگا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہچکیاں باندھ کر رونے لگے، روتے روتے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آواز اور بلند ہوگئی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر شدید گریہ طاری ہو گیا۔ لوگ متوجہ ہوئے اور تسلی دینے لگے: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اے خلیفۂ رسول! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا ہو گیا ہے؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس قدر شدید کیوں رو رہے ہیں؟ ہمارے ماں باپ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر فدا ہوں! آخر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سسکیاں بھر کر کیوں رو رہے ہیں؟ لیکن صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رونا بند نہ کیا بلکہ آس پاس کے تمام لوگ بھی رونے لگے اور رو رو کر خاموش بھی ہو گئے لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلسل روتے جا رہے ہیں! جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آنسو ذرا تھمے تو لوگوں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رونے کا سبب پوچھا کہ اے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اے خلیفہ رسول ﷺ! یہ رونا کیسا ہے؟ آخر کس چیز نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رُلایا؟ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے کپڑے کے کنارے سے آنسو پونچھتے ہوئے اور اپنے آپ پر قابو پاتے ہوئے فرمایا: میں مرض الوفات کے ایام میں نبی کریم ﷺ کے پاس موجود تھا تو میں نے آنحضور ﷺ کو دیکھا کہ اپنے ہاتھ سے کوئی چیز دور کر رہے ہیں لیکن وہ چیز مجھے نظر نہیں آ رہی تھی، آپ ﷺ تھکی ہوئی کمزور آواز میں فرما رہے تھے کہ مجھ سے دور ہو جاؤ، مجھ سے دور ہو جاؤ، میں نے ادھر ادھر دیکھا مگر کچھ نظر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں آیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی چیز کو اپنے سے ہٹا رہے تھے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کوئی نظر نہیں آ رہا تھا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے اپنے آپ کو حوصلہ دیا پھر میر طرف متوجہ ہو کر فرمایا، یہ درحقیقت دنیا تھی جو اپنی تمام آرائش ونعمت کے ساتھ میرے سامنے آئی تھی، میں نے اس سے کہا کہ دور ہو جا، دور ہو جا! پس وہ یہ کہتی ہوئی دور ہوگئی کہ اگر آپ نے مجھ سے چھٹکارا پالیا تو کیا ہوا! جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آئیں گے وہ مجھ سے کبھی نہیں بچ سکیں گے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پریشانی میں اپنا سر ہلایا اور غم زدہ آواز میں فرمایا: لوگو! مجھے بھی اس شہد ملے پانی کی وجہ سے ڈر لاحق ہوا کہ کہیں اس دنیا نے مجھے آ گھیرا نہ ہو، اسی لیے میں سسکیاں بھر کر رویا۔[1]

## سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟

علم کا میدان اور علماء کی مجلس سجی ہوئی تھی کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کیا کہ لوگوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: کیا آپ نے حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہ اشعار نہیں سنے:

إذا تذكرت شجوًا من أخ ثقة ... فاذكر أخاك ابابكر بما فعلا

خير البرية اتقاها واعدلها ... الا النبيّ واوفاها لما حملا

والثاني التالي المحمود مشهده ... و اول الناس منهم صدق الرسلا

"جب تم رنج کی وجہ سے کسی بھائی کا ذکر کرو تو اپنے بھائی ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کارناموں کو یاد کرو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ساری مخلوق میں سب سے اچھے، سب سے زیادہ پرہیزگار اور عدل کرنے والے ہیں اور سب سے زیادہ وعدہ پورا

[1] "الحلیۃ" (۱/ ۳۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے والے ہیں، قرآن میں ان کو ثانی اثنین کہا گیا اور ان کی حاضری کی تعریف کی گئی، اور وہ پہلے انسان ہیں جنہوں نے رسولوں کی تصدیق کی۔"[۱]

امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کہنے لگے: آپ نے سچ فرمایا، آپ نے سچ فرمایا۔

## اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تم عتیق من النار ہو

عائشہ بنت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنی والدہ ام کلثوم بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہنے لگیں کہ میرے والد آپ کے والد سے افضل ہیں؟ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرمانے لگیں کہ کیا میں تمہارے درمیان فیصلہ نہ کر دوں؟ پھر فرمایا کہ (ایک دن) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تعالیٰ نے تمہیں دوزخ سے آزاد کر دیا ہے۔ ام المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ اسی دن سے ان کا نام "عتیق" ہو گیا۔ پھر فرمایا کہ حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بھی (ایک دن) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر تھے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم ان لوگوں میں سے ہو جو اپنی زندگی کے دن پورے کر چکے ہیں۔[۲]

## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے گرامی

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو چند صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مشورہ لیا، جن میں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی شامل تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر آپ ہم سے مشورہ نہ لیتے تو ہم نہ بولتے۔ رسول

---

[۱] ..................

[۲] "المطالب العالیة" لابن حجر (۳۶/۴)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ان امور میں جن کے متعلق میری طرف وحی نہ کی گئی ہو، تمہاری طرح ہوں، چنانچہ سب لوگوں نے اپنی اپنی رائے دی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا: اے معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تمہاری کیا رائے ہے؟ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میری رائے وہی ہے جو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے ہے۔ اس پر سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ بات اللہ تعالیٰ کو آسمان کے اوپر ناپسند ہے کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ غلطی کا ارتکاب کریں۔[1]

## اے اُحد! تیرے اوپر ایک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ایک صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُحد پہاڑ پر چڑھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم بھی تھے، اچانک پہاڑ ہلنے لگا اور بہت زور سے ہلنے لگا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا پاؤں مارا اور فرمایا: اے اُحد! رُک جا! اس وقت تیرے اوپر ایک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ایک صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دو شہید موجود ہیں۔[2]

صدیق تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور دو شہیدوں سے مراد حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

## خدا کی شمشیرِ بے نیام کا اسلام لانا

حضرت خالد بن الولید نے جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہونے کا فیصلہ کر لیا تو انہوں نے خواب میں اپنے آپ کو دیکھا کہ جیسے وہ خشک اور قحط زدہ زمین میں ہیں پھر وہاں سے نکل کر کشادہ سرسبز و شاداب زمین میں پہنچے ہیں۔ آپ کہنے لگے کہ یہ ایک خواب ہے۔ پھر جب مدینہ منورہ حاضر ہوئے تو (دل میں) کہا

---

۱　"مجمع الزوائد" (۹/۴۹) وقال: رجاله ثقات، وله شواهد.

۲　رواه "البخاري" (۳٦٨٦)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ میں یہ خواب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ضرور بیان کروں گا۔ چنانچہ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اپنے خواب کا تذکرہ کیا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جس جگہ تم آئے ہو یہ وہ جگہ ہے جہاں اللہ نے آپ کو اسلام کی ہدایت بخشی ہے اور خشک وقحط زدہ علاقہ سے مراد وہ جگہ ہے جہاں تم شرک کے ساتھ موجود تھے۔[۱]

## عورتیں، گھوڑوں کو طمانچے مار رہی تھیں

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عام الفتح کو جب مکہ میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار کی عورتوں کو دیکھا کہ وہ اپنی اوڑھنیوں سے گھوڑوں کے چہروں پر طمانچے مار رہی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا اشعار کہے تھے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فوراً وہ اشعار سنائے، جو یہ ہیں:

ثکلت بنيّتي ان لم تروها     تثير النقع من كنفي كداء

يبارين الاعنّة مصعدات،     على اكتافها الاسل الظماء

تظل جيادنا متمطرات     تلطمهن بالخمر النساء

''میں اپنی اولاد کو روؤں اگر تم لشکر کو کداء کے دونوں کناروں سے گرد اڑاتے نہ دیکھو، اونٹنیاں جو مہاروں میں ناز کرتی بلند زمین پر چڑھتی جاتی ہیں ان کے بازوؤں پر پیاسے نیزے رکھے ہیں، ہمارے گھوڑے برستے بادل کی طرح رواں ہیں اور بیویاں اوڑھنیوں سے ان کے منہ پر طمانچے مارتی ہیں۔''[۲]

(یہ سن کر) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرا دیئے۔

---

۱ "الخلفاء الراشدون" (۴۱)

۲ "الحاکم" (۷۲/۳) وصححه.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## والی کا اجتہاد

جب بیعتِ خلافت ہوگئی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رنج وغم کی حالت میں اپنے گھر میں جا کر بیٹھ گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس آئے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو ملامت کرنے لگے کہ تم نے ہی مجھے اس بلا میں پھنسایا، پھر فرمایا کہ لوگوں میں فیصلہ کرنا بہت دشوار ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تسلی دی اور کہا کہ کیا تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد معلوم نہیں، کہ والی اور حاکم اگر اجتہاد کرے اور صواب کو پہنچے تو اس کے لیے اس فیصلہ میں دو اجر ہیں اور اگر اجتہاد میں خطا واقع ہو جائے تو اس کے لیے ایک اجر ہے۔[1]

## حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی زبان کو ادب سکھاتے ہیں

ایک دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تشریف لے گئے، جب گھر میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک دیوار کے نیچے بیٹھے ہیں اور اپنی زبان کا کنارہ پکڑے ہوئے گویا کہ اس زبان کو ادب سکھا رہے ہوں! حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس عمل پر بہت تعجب ہوا اور پوچھنے لگے: اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا کر رہے ہیں؟ اپنی زبان کو کیوں سزا دے رہے ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے استغفار کرتے ہوئے فرمایا: اسی زبان نے تو مجھے تباہی کی جگہوں پر پہنچایا ہے۔[2]

---

۱ "الکنز" (۱۴۱۱۰)، (۲۳۰/۵)

۲ "الزھد" للامام احمد (۱۱۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خلافت کے مستحق ہیں

جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسندِ خلافت پر متمکن ہوئے تو ابوسفیان، حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے پاس آئے اور غصہ سے کہا کہ کیا امرِ خلافت، قریش کے کم درجہ اور کم حیثیت فرد کو سونپ دیا گیا؟ ان کی مراد حضرت ابوبکر تھی۔ پھر اس نے تیز زبانی سے کہا کہ اگر میں چاہوں تو ان کے مقابلہ میں گھوڑوں اور جوانوں کو جمع کر دوں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: اے ابوسفیان! تم نے ایک عرصہ تک اسلام اور اہل اسلام سے عداوت رکھی مگر اس سے اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا، ہم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس (خلافت) کا اہل پایا ہے۔[1]

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تقویٰ

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک غلام تھا، وہ غلام کام کاج کر کے غلہ اور آمدنی لاتا تھا، ایک دن یہ غلام کچھ طعام لے کر آیا اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ طعام کھا لیا۔ بعد ازاں وہ غلام کہنے لگا کہ جب بھی میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کھانا لاتا ہوں تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ضرور پوچھتے ہیں کہ یہ تم کہاں سے لائے ہو؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملتفت ہوئے اور فرمایا کہ مجھے تو بھوک لگی تھی، اچھا! بتاؤ یہ کھانا کہاں سے لائے تھے؟ غلام نے کہا کہ میں نے زمانۂ جاہلیت میں ایک آدمی کی فال نکالی تھی، مجھے فال نکالنے کا فن اچھا تو نہیں آتا تھا، بس میں نے اس کو دھوکہ دیا، آج وہ آدمی مجھ سے ملا اور اس نے (بطورِ صلہ کے) یہ کھانا مجھے دیا اور اس نے بتایا کہ تمہاری فال درست نکلی۔ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غصہ سے

---

[1] "الحاکم" (۳/۷۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فرمایا کہ تو نے تو مجھے ہلاک ہی کر دیا تھا، پھر اپنا ہاتھ حلق میں ڈالا اور قے کر دی، (اس طرح) جو کچھ کھایا تھا سارا نکال دیا۔[۱]

کسی نے پوچھا کہ ایک لقمہ کی وجہ سے سارا کھانا ہی نکال دیا؟ فرمایا کہ ہر وہ جسم جو اکلِ حرام سے پرورش پایا ہو دوزخ کی آگ ہی اس کی زیادہ مستحق ہے'' اس لیے مجھے خطرہ ہوا کہ اس لقمہ سے میرے جسم کا کوئی حصہ پرورش پائے۔[۲]

## افضل البشر بعد الانبیاء

ایک دن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی کام سے چلے جا رہے تھے، اثنائے سفر حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگے بڑھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آگے آگے چلنے لگے، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر پڑی تو معاتبانہ اور ناصحانہ انداز میں فرمایا: ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم ایسے آدمی کے آگے چل رہے ہو کہ نبیوں کے بعد اس سے افضل آدمی پر کبھی سورج طلوع نہیں ہوا۔ یہ ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سنتے ہی ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے عمل سے حیا آئی اور ان کی آنکھیں افسوس کی وجہ سے آنسوؤں سے چمکنے لگیں، پھر اس کے بعد ان کو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے ہی چلتے دیکھا گیا۔[۳]

## اے اللہ! مدینہ کو ہماری نظروں میں محبوب بنا دے

جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار ہوئے، ان کو سخت بخار ہو گیا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عیادت کے لیے آئیں پوچھا: ابا جان! کیا حال ہے؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

---

[۱] ''البخاری'' (۳۸۴۲)

[۲] ''الحلیة'' (۱/۱۳)

[۳] ''مجمع الزوائد'' (۴۶،۴۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کل امرئ مصبح فی اهله          والموت أدنی من شراک نعله

”ہر آدمی اس حالت میں اپنے اہل وعیال میں صبح کرتا ہے کہ موت اس کے جوتے کے تسمہ سے زیادہ قریب ہوتی ہے۔“

اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صدیق اکبر کے حال سے باخبر کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی کہ اے اللہ! جیسے ہم کو مکہ سے محبت ہے اسی طرح بلکہ اس بھی زیادہ مدینہ کی محبت ہمارے دلوں میں پیدا فرما دے اور اس کی آب وہوا کو درست کر دے اور ہمارے مُدّ اور صاع (پیمانے) میں برکت پیدا فرما، اور اس (مدینہ) کے بخار کو یہاں سے منتقل کر کے جحفہ (مقام) پہنچا دے۔[۱]

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور نواسۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دفات کے بعد کا واقعہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عصر کی نماز سے فارغ ہو کر چلے آرہے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک جانب حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ تھے، اسی اثناء میں ان کا حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ کے پاس سے گزر ہوا جو بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے تو آپ (ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) جلدی سے ان کو اٹھایا اور اپنے کندھے پر سوار کر لیا اور بار بار یہ جملہ ادا کرنے لگے:

بابی شبیه بالنبی     لیس شبیها بعلی

”میرا باپ فدا ہو، یہ حسن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ ہے، علی کے مشابہ نہیں ہے۔“

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہنس رہے تھے۔[۲]

---

[۱] ”البخاری“ (۵۶۷۷)

[۲] ”مسند الامام احمد“ (۸/۱)، و ”مستدرک الحاکم“ (۱۶۸/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کنواری اور خاوند دیدہ

ہجرت سے کچھ پہلے اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال معلوم کرنے کی غرض سے حاضر ہوئیں تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تنہا پاکر ترسیدہ ہوئیں، عرض کیا: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شادی کیوں نہیں کر لیتے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، کس سے کروں؟ انہوں نے کہا کہ اگر چاہیں تو کنواری سے فرمالیں اور چاہیں تو خاوند دیدہ سے فرمالیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ کنواری کون ہے اور خاوند دیدہ کون ہے؟ حضرت خولۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ کنواری تو اس شخص کی بیٹی جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے یعنی عائشہ بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما، اور خاوند دیدہ سودۃ بنت زمعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں چنانچہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنواری اور خاوند دیدہ دونوں سے شادی فرمائی۔[1]

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عقبۃ بن ابی معیط

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت اللہ شریف میں بیٹھے اپنے رب کی عبادت میں مصروف تھے کہ خدا کا دشمن عقبہ بن ابی معیط آیا، اس نے کپڑے کو اچھی طرح بل دیا اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گردن مبارک میں ڈال کر بہت سخت بھینچا قریب تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی وجہ سے دفات پا جاتے، کسی کو جرأت نہ ہو رہی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس اذیت سے بچائے، اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ آ گئے۔ انہوں نے اس دشمن خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کندھوں سے پکڑ کر دفع کیا اور فرمایا کہ کیا تم ایک ایسے آدمی کو قتل کرو گے جو کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔[2]

---

[1] "الحاکم" (۳/۷۳) وصححه.

[2] رواه "البخاري" (۳۸۵٦)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اللہ نے ان کا نام ”صدیق“ رکھا

ایک دن حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ اپنے ہم مجلس ساتھیوں سے باتیں کر رہے تھے کہ ایک آدمی نے کہا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیں اپنے اصحاب کے متعلق کچھ بیان کریں۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میرے اصحاب ہیں۔ لوگوں نے کہا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق کچھ بتائیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خوش گوار سانس لیتے ہوئے فرمایا کہ وہ ایسے شخص ہیں کہ اللہ نے ان کا نام بزبان جبریل علیہ السلام ”صدیق“ رکھا۔[1]

## تین چاند

ایک روز حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا محو خواب تھیں تو انہوں نے خواب میں دیکھا جیسے ان کے حجرہ میں تین چاند آ کر گرے ہیں، انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس خواب کا تذکرہ کیا تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر تیرا خواب سچا ہے تو تمہارے اس حجرہ میں تین چاند مدفون ہوں گے۔ پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لو! تمہارے حجرہ میں ایک بہترین چاند مدفون ہوگیا۔[2]

## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تین کاموں میں مجھ پر سبقت لے گئے

ایک آدمی حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے پاس آیا اس نے اپنے دل میں کچھ سوچا، پھر پوچھنے لگا کہ اے امیر المؤمنین! کیا وجہ ہے کہ مہاجرین اور انصار، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہی سب پر فوقیت دیتے ہیں؟ حالانکہ آپ رضی

---

۱ ”الحاکم“ (۳/۶۲)

۲ ”الخلفاء الراشدون“ لعبدالستار الشیخ ص ۴۱

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ عنہ کے مناقب بھی ان سے زیادہ ہیں، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لانے میں بھی ان سے مقدم ہیں اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دوسری سبقتیں حاصل ہیں؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بڑی فطانت وذہانت سے پوچھا: شاید کہ تم قریش کے قبیلہ ''عائذۃ'' سے تعلق رکھتے ہو؟ اس آدمی نے کہا کہ جی ہاں، اے امیر المؤمنین! حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اگر مومن، خدا تعالیٰ سے پناہ پکڑنے والا نہ ہوتو میں تجھے قتل کر دیتا، اور اگر میں زندہ رہا تو تجھے میری طرف سے گھبراہٹ پہنچے گی۔ پھر سختی سے فرمایا: تیرا ناس ہو! حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو چار چیزوں میں مجھ پر سبقت لے گئے ہیں۔ نماز کی امامت اور خلافت میں مجھ پر سبقت لے گئے اور مجھ سے پہلے غارِ ثور میں چلے گئے اور سلام کو پہلے رواج دیا۔ تیرا ناس ہو! اللہ تعالیٰ نے سب کی تو مذمت فرمائی لیکن ابوبکر کی مدح فرمائی۔ ارشاد ہوا:

﴿اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ﴾(التوبة: ۴۰)[۱]

## ﴿اللہ کی راہ میں چند قدم چلنا﴾

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شام کی جانب چند لشکر روانہ کیے اور ان پر یزید بن ابی سفیان، عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شرجیل بن حسنہ رضی اللہ عنہم کو امیر مقرر کیا۔ جب یہ لوگ روانہ ہونے لگے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو الوداعی نصیحتیں کرنے لگے اور جب وہ اپنی سواریوں پر سوار ہوئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان امراءِ لشکر کے ساتھ پیادہ پا چلتے رہے اور ان کو رخصت فرمانے لگے حتیٰ کہ ثنیۃ الوداع (مقام) تک پہنچ گئے۔ لشکر کے امراء کہنے لگے: اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدل چل رہے ہیں اور ہم سواریوں پر سوار ہیں؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کہ میرے یہ قدم اللہ کی راہ میں نیکی میں شمار ہوں۔[۲]

---

۱ ''الکنز'' (۳۵۵/۴)

۲ ''البیهقی'' (۸۵/۹)، ابن عساکر (۴۵۶،۴۵۵/۱)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا امتحان

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلوہ افروز ہوئے اور اپنے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تم ان دو آیتوں کے متعلق کیا کہتے ہو:

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا﴾ (فصلت: ۳۰)

اور ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾

(الانعام: ۸۲)

ان آیات کا تمہاری نظر میں کیا مفہوم ہے؟ اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کہا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر استقامت دکھائی، اس سے مراد ہے کہ پھر کوئی اور دین اختیار نہیں کیا اور اپنے ایمان کو ظلم سے نہیں ملایا یعنی کسی گناہ کے ساتھ نہیں ملایا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تم نے ان آیات کو بے محل جگہ پر محمول کیا۔ پھر فرمایا کہ "قالوا ربنا اللّٰہ ثم استقاموا" کا مطلب ہے کہ پھر انہوں نے کسی دوسرے معبود کی طرف التفات نہیں کیا۔ اور دوسری آیت میں "بظلمٍ" سے مراد شرک ہے کہ پھر انہوں نے اپنے ایمان کو شرک کے ساتھ ملتبس نہیں کیا۔[1]

## اللہ تعالیٰ، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم فرمائے

آنحضرت ﷺ اپنے رفقاء کے درمیان پر وقار اور باعظمت طریقہ سے تشریف فرما تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم فرمائے، انہوں نے اپنی بیٹی سے میری شادی کی، دارِ ہجرت میرے ہمراہ گئے اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غلامی سے آزادی دلائی۔ اور اللہ تعالیٰ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم فرمائے، وہ حق بات کہتا ہے، خواہ تلخ ہی کیوں نہ ہو اور ان کا کوئی دوست نہیں۔ اللہ تعالیٰ

---

[1] "الحلیۃ" (۱/۳۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عثمان پر رحم فرمائے، جن سے فرشتے حیا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم فرمائے، اے اللہ! جہاں یہ جائیں، حق کو ان کے ساتھ ہی پھیر دے۔[1]

## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوبار تصدیق کی

ایک آدمی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا تھا، اس نے پوچھا: کیا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زمانۂ جاہلیت میں بھی کبھی شراب نوشی کی ہے؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اعوذ باللہ پڑھی۔ اس نے پوچھا: کیوں؟ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اپنی عزت کو بچاتا تھا اور اپنی اخلاقی قدروں کا تحفظ کرتا تھا۔ کیونکہ جو شخص شراب پیتا اس کی عزت و آبرو خاک میں مل جاتی تھی۔ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوبار تصدیق کی ہے۔[2]

## کھانے میں برکت ہوگئی

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ساتھ تین مہمانوں کو لے کر گھر پہنچے، پھر مہمانوں کو اپنے بیٹے کے پاس چھوڑا۔ اور خود رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رات کا کھانا تناول فرمانے کے لیے تشریف لے گئے، کاشانۂ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رات کا ایک حصہ گزارنے کے بعد گھر واپس آئے تو اپنی بیوی سے پوچھا: مہمانوں کو کھانا کیوں نہیں دیا؟ تمہیں کھانا کھلانے میں کیا چیز مانع ہوئی؟ بیوی نے کہا: مہمانوں نے آپ کے بغیر کھانا کھانے سے انکار کیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم! میں بھی یہ کھانا بالکل نہیں کھاؤں گا۔ پھر جب انہوں نے کھانا مہمانوں کے سامنے پیش کیا اور فرمایا کہ کھاؤ! تو وہ کھانے لگے۔ ان میں سے ایک آدمی نے کہا: خدا کی قسم! ہم جو لقمہ بھی اٹھاتے اس کے نیچے سے اور زیادہ نکل آتا تھا یہاں تک کہ ہم سیر ہوگئے۔ اور باقی بچا ہوا

---

۱ "الترمذی" (۳۶۹۷)

۲ "الکنز" (۳۵۵۹۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھانا اس کھانے سے زیادہ ہے جو پیش کیا گیا تھا، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو دیکھا تو واقعی کھانا ویسا ہی تھا یا اس سے بھی زیادہ تھا، اپنی بیوی سے فرمانے لگے: اے بنی فراس کی بہن! یہ کیا ہوا؟ وہ خوشی سے کہنے لگیں: واقعی یہ تو پہلے سے تین گنا زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ کھانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لے گئے۔[1]

## اہل بدر کی شان

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کچھ مال آیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں میں وہ مال برابر طریقہ سے تقسیم کر دیا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اہل بدر اور دوسرے لوگوں کے درمیان برابر کا برتاؤ کرتے ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ دنیا تو مقصد تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ہے اور اس میں زیادہ وسعت زیادہ بہتر ہے۔ پھر ایک دن حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مختلف وفود روانہ فرما رہے تھے اور مختلف مہمات میں امراء کو مقرر کر رہے تھے کہ ایک آدمی یہ دیکھ کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی بدری صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نہیں بھیجا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنے لگا کہ اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اہل بدر کو عامل کیوں نہیں مقرر کرتے؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے ان کے مقام کا علم ہے، لیکن میں یہ بات پسند نہیں کرتا کہ ان کو دنیا میں آلودہ کروں۔[2]

## ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اور ان کے احسانات کا بدلہ

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب بیان کرتے ہوئے فرمایا: ہم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوا ہر ایک کا بدلہ چکا

---

۱۔ "جامع کرامات الاولیاء" (۱/۱۲۷)

۲۔ "حلیۃ الاولیاء" (۱/۳۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیا ہے، کیونکہ ان کے ہم پر ایسے احسانات ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی قیامت کے روز ان کا بدلہ ان کو دیں گے اور جس قدر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مال نے مجھے نفع پہنچایا اتنا نفع مجھے اور کسی کے مال نے نہیں پہنچایا۔[۱]

## حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چند فضائل

مسجد کے صحن میں حضرت سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ بیٹھے تھے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اردگرد لوگ بھی جمع تھے، لوگوں نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے متعلق کچھ معلوم کرنا چاہا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں ایک وزیر کا مقام تھا، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام اہم امور میں ان سے مشاورت فرماتے تھے، ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثانی الاسلام تھے، نیز غار میں بھی ثانی اثنین (دو میں سے دوسرے) تھے، غزوۂ بدر کے موقع پر بھی قریش میں ثانی یہی تھے اور قبر مبارک میں بھی یہی ثانی ہیں۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کو ان پر مقدم نہیں رکھتے تھے۔[۲]

ایک آدمی حضرت علی بن الحسین رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور اس نے سوال کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا کیا مقام تھا؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں ان کا مقام وہی تھا جو اس وقت ان کا مقام ہے۔[۳] (یعنی جیسے ان کی قبریں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کے ساتھ ہیں۔)

## اپنی اصلاح کی فکر کرو

فکر وغم کی کیفیت میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر پر جلوہ افروز ہوئے، حمد

---

۱ "الترمذی" (۳۵۹۳)

۲ "الحاکم" (۳.....۶۳)

۳ "الزھد" للامام احمد (۱۱۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وثناء کے بعد فرمایا: لوگو! تم یہ آیت مبارکہ پڑھتے ہو:

﴿يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾ (المائدة: ۱۰۵)

لیکن اس کے معنی کو خلافِ محل مقام پر محمول کرتے ہو۔ حالانکہ میں نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ لوگ جب کوئی کام خلافِ شرع ہوتے دیکھیں اور اس کام کو نہ روکیں تو عنقریب اللہ سب کو عذاب میں گرفتار کریں گے، پھر اس عذاب کو ان سے دور نہیں کریں گے۔[1]

## ﴿اگر عظیم مرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہو تو..........﴾

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت اغرؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے کھجوروں کی ایک تھیلی دینے کا حکم دیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ فلاں انصاری آدمی سے جا کر لے لو، حضرت اغرؓ مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس انصاری آدمی کے پاس گئے اور ان سے کھجوروں کی تھیلی مانگی تو اس نے ٹال مٹول کی اور دینے سے انکار کر دیا۔ حضرت اغرؓ، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں واپس آئے اور سارا قصہ سنایا، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذمہ یہ کام لگایا کہ وہ ان کے ساتھ اس انصاری آدمی کے پاس جائیں اور اس سے کھجوروں کی تھیلی وصول کریں۔ حضرت اغرؓ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے مسجد میں ملنے کا وعدہ کیا، جب ہم صبح کی نماز پڑھ چکے تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حسب وعدہ اپنی جگہ پایا، چنانچہ ہم (اس انصاری آدمی کے پاس) چلے، جب بھی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی آدمی کو دور سے دیکھتے اسے سلام کرتے، پھر مجھ سے فرمایا کہ اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہیں عظیم مرتبہ حاصل ہو تو سلام کرنے میں کوئی شخص تم پر سبقت نہ لے جائے۔[2]

---

[1] "الترمذی" (۲۱۶۸)، وابن ماجه (۴۰۰۵)

[2] "الطبرانی" (۸۸۰) (۱/۳۰۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مجھے فرمایئے، میں اس کی گردن اڑاتا ہوں

ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک آدمی پر اتنا سخت غصہ آیا کہ اس سے قبل آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس قدر شدید غصہ کی حالت میں نہیں دیکھا گیا، (یہ حالت دیکھ کر) ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے فرمایئے، میں اس کی گردن اڑاتا ہوں، (یہ بات سنتے ہی) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غصہ فرو ہوا، آتش غضب میں کمی آئی تو ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: تیری ماں تجھ پر روئے، تو نے یہ کیوں کہا؟ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ خدا کی قسم! اگر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے قتل کرنے کا حکم دیتے تو میں اس کو ضرور قتل کر دیتا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تیری ماں تجھ پر روئے، یہ حق تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی کو حاصل نہیں ہے۔[1]

## تیرا مال تیرے باپ کی ملکیت ہے

ایک آدمی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان دنوں خلیفۃ المسلمین تھے۔ اس آدمی نے اظہارِ افسوس کرتے ہوئے یہ شکوہ کیا کہ میرا باپ میرا سارا مال اپنے قبضہ میں کر کے اس کا صفایا ہی کرنا چاہتا ہے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس آدمی کے باپ کو بلایا اور اس سے فرمایا کہ تمہیں اس کا صرف اتنا مال لینے کا حق ہے جو تیرے لیے کافی ہو۔ اس کے باپ نے کہا: اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ:

**انت ومالک لأبیک**

''یعنی تم بھی اور تمہارا مال بھی تمہارے باپ کی ملک ہے۔''

ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہاں، بالکل فرمایا ہے، مگر اس سے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مراد نفقہ ہے۔[2]

---

[1] ''مسند ابی یعلی'' (۷۹، ۸۰)

[2] ''الخلفاء الراشدون'' (ابوبکر الصدیق) ص ۸۲

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نیکیوں میں سبقت لے جانے والے

ایک دن حضرت علی کرم اللہ وجہہ، لوگوں کے پاس تشریف فرما تھے اور ان سے خیر و فضل کی باتیں کر رہے تھے کہ اچانک ان کے سامنے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر ہوا تو فرمانے لگے کہ ہاں، وہ سبقت لے جانے والے تھے ان کا ذکر خیر ہونا چاہیے، وہ سبقت لے جانے والے تھے ان کا ذکر خیر ہونا چاہیے۔ پھر فرمایا کہ اس ذات کی قسم، جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، جب بھی کسی نیک کام میں ہمارا مسابقہ ہوا تو وہ ہم پر سبقت لے گئے۔[۱]

## شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی مثال آنکھ اور کان جیسی ہے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو کتاب اللہ کی تعلیم کی نصیحت و ہدایت دیتے ہوئے فرمایا: قرآن چار آدمیوں سے سیکھو: ابن امّ عبد، معاذ، اُبی اور سالم مولی ابی حذیفہ رضی اللہ عنہم سے۔ میں نے ارادہ کیا کہ ان حضرات کو لوگوں کی طرف بھیجوں جیسے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو بنی اسرائیل کی طرف بھیجا۔ ایک شخص نے عرض کیا، یا رسول اللہ! ابوبکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں کیا مقام ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں ان دونوں سے مستغنی نہیں ہوں، دین میں ان دونوں کی مثال تو آنکھ اور کان جیسی ہے۔[۲]

## جو شخص ذرہ برابر عمل کرے گا..........

ایک دفعہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھے کھانا کھا رہے تھے کہ یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی:

---

[۱] "مجمع الزوائد" (۴۹/۹)

[۲] "مجمع الزوائد" (۵۵/۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ﴾ (الزلزال: ۷، ۸)

’’پس جو شخص ذرہ برابر نیکی کرے گا وہ اس کو (وہاں) دیکھ لے گا اور جو شخص ذرہ برابر بدی کرے گا وہ اس کو دیکھ لے گا۔‘‘

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فوراً کھانا چھوڑ دیا اور گھبراتے ہوئے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا ہم اپنی تمام برائیوں کو اگلے جہاں میں دیکھیں گے؟ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو تم ناگوار حالات دیکھتے ہو یہ وہی ہے جس کا تمہیں بدلہ دیا جاتا ہے اور نیکی، نیکوکار کو آخرت میں ملے گی۔[۱]

## ﴿اہل جنت کے بوڑھوں کے سردار﴾

ایک مرتبہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما تشریف لائے تو سرورِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ دو شخص تمام اول و آخر اہل جنت کے بوڑھوں کے سردار ہیں۔ مگر انبیاء اور مرسلین اس سے مستثنیٰ ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ! ان کو نہ بتانا۔[۲]

## ﴿حوض کوثر پر رفاقتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾

ایک دن حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں بیٹھے تھے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم حوضِ کوثر پر میرے رفیق ہو اور غار میں میرے صاحب ہو۔[۳]

---

۱ ”الحاکم“ (۲/ ۵۳۲، ۵۳۳)

۲ ”الترمذی“ (۳۵۹۸)

۳ ”الترمذی“ (۳۶۰۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بیت المال کھولو!

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عوالیِ مدینہ میں مشہور گھر تھا جس کا کوئی چوکیدار نہیں تھا۔ کسی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا: اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت المال کے لیے کوئی پہرے دار مقرر کیوں نہیں کرتے؟ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: وہاں کوئی خطرہ نہیں۔ پوچھا گیا کہ وہ کیوں؟ فرمایا کہ اس پر قفل (تالا) لگا ہوا ہے۔ درحقیقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت المال کا سارا مال (ضرورت مندوں میں) تقسیم کر دیا کرتے تھے یہاں تک کہ اس میں کچھ باقی نہ رہتا تھا، جب ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منتقل ہو گئے تو بیت المال کو بھی اپنے رہائشی گھر میں منتقل کر لیا، جب کوئی مال آتا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کو بیت المال میں رکھ دیتے، پھر لوگوں میں تقسیم کر دیتے حتیٰ کہ کچھ بھی باقی نہ رہتا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جب وفات ہوگئی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تدفین بھی عمل میں آ گئی تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خزانچیوں کو طلب کیا اور ان کے ہمراہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیت المال میں تشریف لے گئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے، بیت المال کھولا تو اس میں نہ دینار ملا اور نہ درہم۔ ایک بوری ملی، اس کو جھٹکا تو اس سے ایک درہم نکلا، (یہ حالت دیکھ کر) ان کو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم آ گیا۔[1]

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا صدقہ کرنا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کچھ مال بطورِ صدقہ کے چھپا کر لائے اور دھیمی آواز میں عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ میرا صدقہ ہے، اور اللہ کے لیے میرے ذمہ ایک اور صدقہ بھی ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنا صدقہ بطور اظہار

---

[1] "طبقات ابن سعد" (۲۱۳/۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے ساتھ لائے اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ میرا صدقہ ہے، اور اللہ کے ہاں میرے لیے اس کا بدلہ ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تو نے کمان کو تانت لگائی بغیر تانت کے (یعنی تو نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سبقت لے جانے کی کوشش تو کی مگر کامیاب نہ ہو سکے) پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں کے صدقات میں وہی فرق ہے جو تمہارے کلمات میں فرق ہے۔[1]

## کاش! میں پرندہ ہوتا!

موسم خوشگوار تھا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ آسمان کی طرف دیکھ رہے تھے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر ایک پرندہ پر پڑی جو ایک درخت پر بیٹھا میٹھی میٹھی آواز میں چہچہا رہا تھا۔ (یہ منظر دیکھ کر) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے، اے پرندہ! تو اچھا ہے، خدا کی قسم! کاش! میں تیری طرح (کا ایک پرندہ) ہوتا، درختوں پر بیٹھتا، پھل کھاتا اور اڑتا پھرتا، نہ کسی حساب کا ڈر ہوتا اور نہ عذاب کا۔ خدا کی قسم! کاش! میں سرِراہ ایک درخت ہوتا۔ اونٹ میرے پاس سے گزرتے اور مجھے اپنے منہ کا نوالہ بناتے، مجھے چباتے، کھاتے اور نگل جاتے، پھر مجھے مینگنیوں کی صورت میں نکالتے، میں کوئی بشر نہ ہوتا۔[2]

## ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیر الناس ہیں

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یوں مخاطب کیا:

﴿یا خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم﴾

''یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام لوگوں میں بہترین انسان!''

---

[1] ''ابونعیم'' (۱/۳۲)

[2] ''مصنف ابن ابی شیبۃ'' (۱۴۴/۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (اس اندازِ تخاطب پر) حیاو شرم اور عاجزی وانکساری سے سر جھکا لیا، پھر فرمایا کہ تم مجھے یہ کہہ رہے ہو حالانکہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بہتر آدمی پر سورج طلوع نہیں ہوا۔[1]

## ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آزاد کردہ غلام

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مکہ میں تھے تو قبول اسلام کی شرط پر غلاموں کو آزاد کرایا کرتے تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کمزور عاجز اور بوڑھی عورتوں کو بھی اسلام قبول کرنے کی شرط پر غلامی سے آزادی دلاتے تھے، (ایک دن) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد ابوقحافہ آئے اور کہنے لگے کہ بیٹے! تم کمزور لوگوں کو آزادی دلاتے ہو، اگر طاقتور اور جری قسم کے مردوں کو آزادی دلاؤ تو زیادہ بہتر ہوگا، وہ تمہارے کام بھی آئیں گے، دشمن سے تمہارا دفاع بھی کریں گے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، ابا جان! میں تو اللہ تعالیٰ سے ہی اس کا صلہ اور انعام لینا چاہتا ہوں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

﴿فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی﴾ (اللیل: ۵)[2]

## ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وصیت

دن مسلسل گزر رہے تھے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، صاحب فراش ہیں، بدن مبارک خدا کے خوف سے لرزاں وترساں ہے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا غم کے مارے ان کے سرہانے بیٹھی آنسو بہا رہی ہے، دریں اثناء ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: بیٹی! میں مال وتجارت

[1] "الترمذی" (۳۶۸۴)

[2] "تاریخ الخلفاء" ص ۸۲

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے اعتبار سے قریش میں سب سے زیادہ مال دار تھا لیکن جب مجھ پر امارت کا بار پڑا تو میں نے سوچا کہ بس بقدر کفایت مال لے لوں۔ بیٹی! اب اس مال میں سے صرف یہ عباء، دودھ کا پیالہ اور یہ غلام بچا ہے جب میری وفات ہو جائے تو یہ چیزیں عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دینا۔ جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات ہوگئی، روح مبارک جسم سے نکل کر اعلیٰ علیین میں پہنچ گئی اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ السلام کے پہلو میں مدفون ہو گئے تو ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وہ عباء، دودھ کا برتن اور غلام، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دیئے۔ (یہ چیزیں دیکھ کر) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھوں میں آنسو امڈ آئے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم کرے! انہوں نے اپنے بعد آنے والوں کو مشکل میں ڈال دیا، کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیا۔ (یعنی اپنی زندگی اتنی صاف شفاف گزاری) خدا کی قسم! اگر ابوبکر کے ایمان کا روئے زمین کے تمام لوگوں کے ایمان کے ساتھ وزن کیا جائے تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایمان کا پلہ بھاری ہوگا۔ خدا کی قسم! میری یہ تمنا ہے کہ کاش کہیں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سینہ کا ایک بال ہوتا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس حال میں دنیا سے رخصت ہوئے کہ کوئی دینار یا درہم نہیں چھوڑا، وہ تو اپنا مال بھی بیت المال میں ڈال دیتے تھے۔[۱]

## آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وقت ارتحال

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بستر مرگ پر لیٹے تھے بدن پر لرزہ طاری تھا، اعضاء، خوف و گھبراہٹ سے کانپ رہے تھے اور لوگ کثرت سے عیادت کرنے آرہے تھے، لوگوں نے پوچھا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اے خلیفۂ رسول ﷺ! کسی طبیب کو بلا لائیں! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہلکی سی مسکراہٹ میں فرمایا کہ طبیب تو آ گیا ہے۔ لوگوں نے افسردہ ہو کر پوچھا: پھر اس نے کیا کہا ہے؟ فرمایا کہ وہ کہتا ہے کہ اِنّـــیْ

---

[۱] "الزھد" للامام احمد (۱۱۰، ۱۱۱)، و "المطالب العالية" (۳۷/۴)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فَعَّالٌ لِمَا اُرِیْد یعنی میں جو چاہتا ہوں سو کرتا ہوں۔ لوگوں نے اظہارِ افسوس کرتے ہوئے اپنے سروں کو ہلایا اور پھر خاموش ہو گئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے باپ کی عیادت کے لیے آئیں، دیکھا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جان کنی کے عالم میں ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے رخساروں پر آنسو رواں تھے اس شدتِ کرب کے عالم میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زبان پر بے ساختہ یہ شعر جاری ہو گئے:

لعمرک مایغنی الثراء عن الفتی　　اذا حشرجت یوماً وضاق بها الصدر

"تیری عمر کی قسم! جان کنی کے وقت اور سینہ تنگ ہو جانے کے عالم میں کسی انسان کو اس کی مال داری کام نہیں آتی۔"

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نظر التفات فرمائی اور فرمایا: اے بیٹی! ایسا نہ کہو، بلکہ تم یہ کہو:

﴿وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ﴾ (سورۃ ق: ۱۹)

"اور سکراتِ موت کا وقت حق کے ساتھ آ گیا۔"

اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیٹی کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: میرے ان دو کپڑوں کو دیکھو، انہیں دھو کر مجھے انہی میں کفن دے دینا، کیونکہ زندہ آدمی کو نئے کپڑوں کی مردے کی بہ نسبت زیادہ ضرورت ہوتی ہے حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عیادت کے لیے آئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ موت کی کشمکش میں تھے، حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گھبراتے ہوئے عرض کیا: اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اے خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے وصیت کیجیے؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم پر دنیا (کے دروازے) کھولے گا لیکن تم اس میں سے بقدرِ ضرورت ہی لینا، اور یہ کہ جو شخص صبح کی نماز پڑھ لیتا ہے وہ اللہ کی پناہ و امان میں آ جاتا ہے۔ لٰہذا تم اس کی پناہ کو نہ توڑنا ورنہ اوندھے منہ دوزخ میں ڈال دیئے جاؤ گے۔[1]

[1] "الزهد" للامام احمد (۱۰۹، ۱۱۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعزیتی خطاب

خلیفۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں صف ماتم بچھ گئی اور مدینہ کے درودیوار پر لرزہ طاری ہو گیا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وفات کی خبر ملی تو فوراً اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ٥ پڑھتے ہوئے مکان سے باہر تشریف لائے اور فرمایا: الیوم انقطعت خلافة النبوّة ''یعنی آج خلافت نبوت کا انقطاع ہو گیا۔'' پھر دوڑتے ہوئے آئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر کے دروازہ پر کھڑے ہو کر یہ فرمایا: ''اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! اللہ تم پر رحم کرے! تم سب سے پہلے اسلام لائے، تم سب سے زیادہ مخلص مسلمان تھے، تمہارا یقین سب سے زیادہ مضبوط تھا، تم سب سے زیادہ خوفِ خدا رکھنے والے تھے، سب سے زیادہ باعظمت تھے، صحبت اور منقبت میں سب سے افضل تھے، مرتبہ کے اعتبار سے سب سے برتر تھے، سیرت و عادت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے زیادہ مشابہ تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے لیے رحم دِل باپ تھے، جب کہ وہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد کی طرح تھے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خوب پیش قدمی دکھائی اور اپنے بعد میں آنے والوں کو تھکا دیا، پس ہم سب اللہ کے لیے ہیں، اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں، ہم اللہ کی قضاء پر راضی ہیں، ہم نے معاملہ، اللہ کے سپرد کر دیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات جیسا کوئی حادثہ مسلمانوں پر کبھی نازل نہیں ہوا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، دین کی عزت اور قلعہ کی حیثیت کے حامل تھے، پس اللہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملا دے اور ہم کو تمہارے بعد تمہارے اجر سے محروم اور بے راہ نہ کرے۔''

جب تک حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تعزیتی خطاب فرماتے رہے سب لوگ خاموش رہے لیکن جونہی خطاب ختم ہوا سب بے تحاشا روئے اور سب نے بیک زبان ہو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کر کہا: "صدقت یا ابن عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" "یعنی اے ابن عم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سچ فرمایا۔"[1]

الحمدللہ "مأة قصةٍ من حیاة

أبی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ"

کا پہلا سلیس اردو ترجمہ مؤرخہ ۶ اکتوبر ۲۰۰۴ء بروز بدھ

سے شروع ہو کر ۱۲ اکتوبر ۲۰۰۴ء بروز منگل پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

طالب دعا:

خالد محمد بن مولانا حافظ ولی محمد رحمۃ اللہ علیہ

(فاضل و مدرس) جامعہ اشرفیہ لاہور

و (نائب الرئیس) لجنۃ المصنفین لاہور۔۔۔۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا ومولانا محمد والہ وأصحابہ اجمعین

www.KitaboSunnat.com

[1] "مجمع الزوائد" (۹/۱۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ

# کے

# سو قصے

مؤلف:

شیخ محمد صدیق منشاوی

سعود اسلامک لائبریری
کتاب نمبر: 1332
J3-504 جوہر ٹاؤن لاہور

مترجم

مولانا خالد محمود صاحب

بیت العلوم

۲۰- نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون: ۳۵۱۲۴۸۳۰

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ




04026

بیت العلوم
قرآن مجید اور اسلامی کتابوں کا مرکز